سلسلۂ دارالتصنیف صوفیہ (۲۲۳)

(جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں)

نام کتاب	اورادِ قادریہ حصہ اوّل و دوم
مصنف	حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ
مترجم	مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری
ناشر	موسیٰ ابو خالد صدیقی
کتابت	سید ذاکر علی ہاشمی قادری
پروف ریڈنگ	سید شاہ مصطفیٰ علی صوفی قادری (فرزند مترجم)
طباعت	اسپیڈ پرنٹس سعید آباد، حیدرآباد، فون نمبر 873538.
سن اشاعت	فروری ۱۹۹۴ء رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
تعداد	(۱۰۰۰) ایک ہزار
ہدیہ	50/- پچاس روپئے (غیر تجارتی بنیاد پر)

کتاب ملنے کے پتے

۱۔ موسیٰ ابو خالد صدیقی 9-15-19/1 مالاپلی نظام آباد۔ 503001، فون 24774

۲۔ سید الصوفیہ اکیڈمی، تصوف منزل 21-1-247 نزد ہائیکورٹ حیدرآباد ۲

۳۔ محمد انور علی 22-1-875/A نور خان بازار حیدرآباد۔ ۲۴

۴۔ اہلیہ سید احمد محی الدین مرحوم 16-7-431/A عثمان پورہ حیدرآباد فون 528947.

برائے ایصالِ ثواب

الحاج سید احمد محی الدین فہیم مرحوم

تاریخ وفات:۔ ۲۰ نومبر ۱۹۹۲ء بروز شنبہ

ھو المحی

اورادِ قادریہ

روزمرّہ وظائف

حضرت غوث الثقلین سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

حصّہ اول و دوّم

مع اُردو ترجمہ

از

مولانا الحاج قاضی سیّد شاہ اعظم علی صُوفی قادری

(صدر سید الصوفیہ اکیڈمی تصوّف منزل نزد ہائی کورٹ حیدرآباد)

ناشر

موسیٰ ابوخالد صدیقی

موسیٰ ابو خالد صدّیقی
1/19-15-9 مالاپلی نظام آباد 503001
اے، پی، فون: 24774

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

اللہ کا بڑا فضل و کرم احسانِ عظیم اور بے انتہا شکر ہے کہ اشاعتِ درود و سلام کا سلسلہ بہت ساری مشکلات کے باوجود ۱۹۸۸ء سے مسلسل جاری ہے اوائل الخیرات مصنّف محمد عبدالغفور خاں تابی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد بشائر الخیرات مصنف قطب الاقطاب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور پھر اس کے بعد یہ کتاب "اورادِ قادریہ" آپ کی خدمت میں حاضر ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہیگا۔

یہ کتاب برائے ایصال ثواب سیّد احمد محی الدّین فہیم مرحوم کیلئے طبع کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس قدر اچھی اور بے بہا کتاب کی اشاعت کیلئے ایک نیک روح کے نیک اعمال کو قبول فرماکر اپنا رحم و کرم فرمایا ہے۔ مرحوم سید احمد محی الدین صاحب میرے بہت ہی عزیز دوست تھے سعودی عرب کی تیرہ سالہ زندگی میں مجھے اُن سے بہت ساری باتیں سیکھنے کا موقع ملا، صبر قناعت، توکّل اور علم کے خزانے کی ایسی مثال کہ مجھے ان کے انتقال کے بعد احساس ہوا کہ مرنا تو ہم تمام سبھی کو ہے مگر مخلص بے لوث اور ایماندار ساتھی کی موت کتنا عظیم نقصان ہے۔ مرحوم کی خاص بات یہ تھی کہ جو شخص بھی اُن سے ملتا متاثر ہوتا تھا اپنے افراد خاندان کی مدد کرنا اور خاموشی سے مالی اعانت کرنا ان کی عادت تھی سادہ مزاج تھے۔ تاریخ اسلام سے اُن کو والہانہ لگاؤ تھا عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور پیران پیر شیخ

عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے معتقد تھے۔ یہ تمام اثاثہ اُن کو اپنے عظیم رہبر اور پیر و مرشد ساکن مدینہ المنورہ میر غلام محی الدین حسینؒ صاحب مرحوم سے ملا تھا جنکی نگاہِ کرم نے مجھ جیسے گنہگار کا رُخ اشاعتِ درود و سلام کی طرف موڑ دیا نومبر ۱۹۲۳ء میں روشن ہونے والا یہ چراغ ۲۰ نومبر ۱۹۹۲ء بروز شنبہ اپنے مالک حقیقی سے مِلا اللہ سے دُعاء ہے کہ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس عطا فرمائے۔ اور ہم تمام مسلمانوں کو موت سے قبل زندگی کی حقیقت کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

اوراد قادریہ کے نسخہ کی فوٹو کاپی محترم قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری صاحب بغداد سے واپسی سفر پر اپنے ساتھ لائے تھے یہ تاریخی کتاب قطب الاقطاب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ اور اس میں نایاب صیغے حضور مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں لکھے گئے ہیں۔ کتاب کا ترجمہ محترم صوفی صاحب نے بہت ہی محنت اور لگن کے ساتھ کیا ہے اور ہم تمام کا یہ جذبہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ مسلمان اس کتاب کو پڑھ کر اس کے فیوض و برکات سے مستفید ہوں۔

اس کتاب کو طبع کروانے کے اخراجات جناب سید محمد انور محی الدین صاحب ساکن امریکہ فرزند جناب سید احمد محی الدین صاحب مرحوم نے ادا کئے ہیں کتاب کا ھدیہ 50/ روپے ہے اور ہم تمام کا ارادہ اس کتاب سے مالی منفعت کا نہیں ہے اس ہدیہ سے جو بھی رقم آئے گی انشاءاللہ آئندہ اشاعت درود و سلام میں استعمال ہوگی۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ درود شریف کی اشاعت عمل میں آسکے اور ہم زیادہ سے زیادہ ایسی نعمتوں سے استفادہ کر سکیں۔ اور خاص طور پر ہم آج کل ایسے ماحول میں زندگی بسر کر رہے ہیں کہ مغربی طرز زندگی کا دور دورہ ہے۔ اُردو اور عربی زبان سے آنے والی نسل دور ہوتے جا رہی ہے۔ ایسے ماحول میں درود و سلام کا سلسلہ جاری رکھنا صرف وقت کی اہم ضرورت ہے بلکہ تاریخ اسلام کی حفاظت اور اسکی خدمت بھی ہے

میرا ارادہ ان شاء اللہ اشاعت درود وسلام کو صرف دینی اور خدمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبہ کے تحت ساری دنیا میں حسب استطاعت عام کرنیکا ہے۔ عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل خیر حضرات سے گذارش ہے کہ حسب استطاعت آگے آکر اس نیک کام کو جاری رکھیں۔ اور جو کام ہو رہا ہے اس کو مزید مستحکم کریں۔

اللہ سے دعاء ہے کہ اللہ ہم تمام کی کاوشوں کو قبول فرمائے اور اپنے رحم وکرم سے ایسے اسباب فراہم کردے کہ اشاعت درود وسلام کا سلسلہ تا قیامت جاری رہے۔ اور تمام مسلمانانِ عالم اس سے مستفید ہوتے رہیں۔ (آمین)

مخلص

موسیٰ ابو خالد صدیقی

بتاریخ ۱۷ فروری سنہ ۱۹۹۴ء

م ۵ رمضان المبارک سنہ ۱۴۱۴ھ

بروز جمعرات۔

بمقام: نورخان بازار حیدرآباد 500024

مکان نمبر 22-1-875/A

فون نمبر — 525372

عرضِ مترجم

جنوری ۱۹۹۲ء میں اس فقیر کو بغداد شریف میں اپنے جدِ پاک غوثِ اعظم حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے آستانۂ عالیہ پر حاضری و زیارت کی سعادت نصیب ہوئی تو نقیب الاشراف حضرت پیر یوسف گیلانی مدظلہ العالی سے شرفِ نیاز بھی حاصل ہوا اس موقع پر آپ نے ازراہِ شفقت دیگر کتب و تبرکات کیساتھ کتب خانۂ بغداد میں محفوظ واحد قلمی نسخہ "اورادِ قادریہ" کا ایک زیراکس بھی اپنی خصوصی اجازت سے بنفسِ نفیس مجھے مرحمت فرمایا (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو ہماری کتاب "تجلیاتِ بغداد") جو مختلف تسبیحات و مناجات اور سلام و صلوات پر مشتمل ایسے نادر دعائیہ کلمات اور تسبیحات بابرکات کا حسین مرقع ہے جو حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے لبِ حق آشنا سے نکلے اور آپ کے روز مرہ معمولات بن گئے۔ زیارتِ بغداد سے وطن واپسی پر شائقین پر تمکین کو اس بارے میں علم ہوا تو ان کی جانب سے مسلسل اصرار ہونے لگا کہ اس کتاب کا بھی ترجمہ کر کے اسی طرح شائع کروں جسطرح قبل ازیں حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے فارسی و عربی میں مکتوبات، ادعیۂ احزاب اور کتبِ ذیل میرے ترجمہ کے ساتھ اشاعت پاکر کئی شیدائیانِ غوث کے قلب و روح کی تسکین کا باعث بنے یعنی (۱) مکتوباتِ غوثِ اعظم (۲) بشائر الخیرات (۳) دعاء بسملہ جیلانی (۴) دعائے جلالہ جیلانی (۵) سر الاسرار مع ترجمہ و تحشیہ نور الانوار (۶) اور ورد جلالہ جیلانی وغیرہ

چنانچہ (۷۱۳) صفحات پر مشتمل اورادِ قادریہ کو جو ترجمہ کے بعد مزید ضخیم کتاب بن گئی، سہولت کی خاطر چار حصوں میں اسطرح تقسیم کیا گیا کہ حصہ اوّل میں ابتدائی متفرق اوراد، حصہ دوم میں ہفتہ بھر کے سات دنوں کیلئے مخصوص اوراد، حصہ سوم میں ایک ہی دن کی پانچ نمازوں کے اوقات میں پڑھنے کے اوراد اور حصہ چہارم میں آخری متفرق اوراد شامل ہوں۔ بسال ۱۹۹۲ء میں مکتبہ صوفیہ ملتح تصوف منزل کی جانب سے حصہ اوّل شائع ہو کر منظر عام پر آیا تو اتنا مقبول و پسندیدہ ثابت ہوا کہ دیکھتے دیکھتے اس کے نسخے نکل گئے جس کے بعد حصہ اول کی دوبارہ اشاعت نیز باقی تین حصوں کو مع ترجمہ جلد شائع کرنے کی خواہش کے ساتھ آندھرا، مہاراشٹرا، گجرات، راجستھان اور کشمیر وغیرہ کے مختلف مقامات سے محبانِ غوث کے

کئی خطوط کا ایک تانتا سا لگ گیا۔ حُسنِ اتفاق سے اسی دوران بتاریخ ۱۰ محرم ۱۴۱۲ھ مسجد حاجی کمال دارالشفاء (ہوٹل پریسیڈنٹ) میں منعقدہ مجلسِ شہادت میں میری مخاطبت کے بعد ہمارے ایک عقیدتمند مولوی محمد شریف صاحب نے جناب موسیٰ ابوخالد صدیقی صاحب کا تعارف مجھ سے کروایا جو درود شریف کے مختلف مجموعے جیسے اوائل الخیرات اور بشائر الخیرات وغیرہ کو شائع کر کے عوام تک پہنچانے کا ایک لائق تحسین کام کر رہے ہیں۔ برسبیلِ تذکرہ یہ تجویز بھی سامنے آئی کہ اورادِ قادریہ کے مابقی تین حصے بھی عوام تک پہنچانے میں موصوف اپنا حصہ ادا کر سکتے ہیں جس سے انہوں نے نہ صرف اپنی دلچسپی کا اظہار کیا بلکہ چند روز بعد ہی میرے مکان تصوف منزل نزد ہائی کورٹ پر مجھ سے ملاقات کرتے ہوئے یہ خوشخبری سنائی کہ "اورادِ قادریہ" کی الحمدللہ عنقریب اشاعت کے لیے غیب سے بندوبست اس طرح ہو گیا ہے کہ موصوف ہی کے ایک مرحوم دوست کے فرزندان اس کارِ خیر کی تکمیل کے ذریعہ اپنے مرحوم والد کی روح کو خراج ثواب پیش کرنا چاہتے ہیں لہٰذا بہت جلد ابوخالد صاحب کے ہی مکان واقع نورخاں بازار میں میرے رفقائے سفرِ بغداد مولانا سید شاہ حبیب اللہ شاہ قادری اور مولانا سید شاہ شمس الدین قادری کے ساتھ ایک نشست میں یہ طے کیا گیا کہ کتاب ہذا کا پہلا یہ ایڈیشن ابوخالد صاحب شائع کریں گے۔ چنانچہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے جشنِ ولادت ہی کے دن یعنی ۲۹ رشعبان ۱۴۱۲ھ کو یہ کام الحمدللہ انجام کو پہنچا جو زیورِ طبع سے آراستہ ہونے کے بعد اب آپکے ہاتھ میں ہے۔ کتابِ ہٰذا میں امورِ ذیل کا خصوصی لحاظ رکھا گیا ہے۔

(۱) قبل ازیں شائع شدہ حصۂ اول بھی شاملِ ہٰذا کر دیا گیا ہے تاکہ قارئین کو اس کی کمی محسوس نہ ہو۔

(۲) ترجمہ کو تحت اللفظ کے بجائے ایسے سلیس اور مربوط انداز میں لکھا گیا ہے کہ عربی کے سوا صرف اردو عبارت پڑھنے پر معنی و مفہوم بآسانی ذہن نشین ہو جائے (۳) اوراد میں جہاں کہیں قرآنی آیات واقع ہوئی ہیں انکو کلام اللہ سے مطابقت کے بعد نہ صرف صحت کے ساتھ لکھنے کی خصوصی کوشش کی گئی ہے بلکہ ہر آیت کے ساتھ سورۃ اور آیت کا حوالہ بھی درج کر دیا گیا ہے مثلاً "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" کا حوالہ (۳۶/۵۸) دیا گیا ہے جس سے مراد قرآنِ پاک کے چھتیسویں (۳۶) سورۂ یٰسٓ کی آیت نمبر اٹھاون (۵۸) ہے۔

(۴) حضورِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمِ گرامی کے آگے قوسین میں (صلی اللہ علیہ وسلم) لکھنے میں پوری احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ کیونکہ اسکے بجائے "ص" یا "صلعم" لکھنے والے کو علمائے حق نے بموجب ارشادِ نبوی سب سے بڑا بخیل شخص قرار دیا ہے۔ اسی طرح "ع" اور "رض" کی جگہ پورے الفاظ "علیہ السلام" اور "رضی اللہ عنہ" لکھنے کا خیال رکھا گیا ہے۔ (۵) حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ضمیرِ غائب جہاں بھی واقع ہوئی ہے وہاں

"وہ، اسکا، اسکے" کی جگہ ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے "آپ، آپ کا، آپ کے" ترجمہ لکھا گیا ہے

(۶) کتاب کے صفحہ نمبر ۱۶۳ اور ۲۱۲ پر اوراد کے درمیان زمرۂ اولیاء و صالحین کے ساتھ نیز وسیلۂ حرمت کیلئے حضرت غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے اسمِ گرامی کا خصوصی ذکر ہے اور ہفتہ بھر کے ساتوں دن کے اوراد کے ختم پر دعا کے آخر میں بھی آپ کے نام مبارک کا توسل اختیار کیا گیا ہے اور آپ کی روح پر فتوح کے حضور نذرانۂ عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ جو صاحبِ اجازت کی ہدایت کے عین مطابق ہے۔

(۷) "اورادِ قادریہ" میں شامل دعاؤں اور درودوں میں سے ہر ایک کی اعلیٰ تاثیر میں کوئی شک نہیں۔ ان کو پڑھنے کا اصل مقصد اپنے گناہوں کی مغفرت اور اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا و خوشنودی حاصل کرنا نیز غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے سلسلۂ طریقت کے روحانی فیض و برکات سے مالا مال ہونا اور اسکی بدولت دنیاوی مقاصد میں بھی بامراد و کامیاب ہونا، نیز دشمنوں کے کید و شرارت اور آفات و بلیات سے محفوظ رہنا ہے۔ ہر دعا یا درود کا مقصد تو اصل نسخہ میں درج نہیں ہے۔ اسلئے اپنی جانب سے کچھ لکھنا تو مناسب نہیں تھا البتہ حزب یا درود کے عنوان یا متن سے کچھ اندازہ ضرور قائم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً حزب الاستغفار حصولِ مغفرت کے لئے، صلوٰۃ الثقلین دونوں جہاں کی نعمتیں پانے کیلئے، صلوٰۃ الرزق روزی میں کشادگی کیلئے، صلوٰۃ الکوثر کثیر نعمتیں پانے کیلئے صلوٰۃ کبریتِ احمر، صلوٰۃ لاہوتیہ اور صلوٰۃ تجلیہ قلب کو انوار و تجلیاتِ الٰہی کا آئینہ بناتے ہیں ص ۲۱ کی دعا، مقاصد اور مرادوں کی تکمیل کیلئے ہے اور ص ۹۲ تا ۹۴ پر دعا، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے ہے واضح باد کہ بعض اصحاب نے قبل ازیں کئی بار طبع شدہ "فیوضاتِ ربانیہ" نامی ایک دوسری ہی کتاب کو اپنی جانب سے اورادِ قادریہ کا خود ساختہ نام دیکر شائع کر دیا ہے جس سے سادہ لوح مسلمان غلط فہمی و گمراہی کا شکار ہو رہے ہیں جبکہ "اورادِ قادریہ" کے نام سے بغداد میں محفوظ اصل نسخہ ہذا سے کوئی تعلق نہیں لہٰذا شائقین اس فریب کا شکار ہونے سے خبردار رہیں۔ آخر میں عرض ہے کہ بتقاضائے بشری اگر کسی جگہ کتابت میں سہو یا طباعت میں محو پایا جائے تو براہ مہربانی اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسکا لحاظ رکھا جائے اللہ تعالیٰ اس کتاب کو میرے اور جملہ محبانِ غوث کیلئے مغفرت کا ذریعہ اور دارین کی نعمتوں سے مالا مال ہونے کا وسیلہ بنائے، آمین فقط

تصوف منزل نزد ہائیکورٹ ۱۱ فروری سنہ ۱۹۹۴ء بروز جمعہ ● مترجم۔ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری عفی عنہ

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

الٰہی بیشک میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حق کیساتھ

وَبِحُرْمَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حرمت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فضل کے ساتھ

وَبِعَظَمَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِجَلَالِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عظمت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جلال کے ساتھ

وَبِجَمَالِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِکَمَالِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جمال کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کمال کے ساتھ

وَبِھَیْبَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِمَنْزِلَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ہیبت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے مرتبہ کیساتھ

وَبِمَلَکُوْتِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بادشاہی کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی طاقت کیساتھ

وَبِکِبْرِیَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِثَنَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بزرگی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تعریف کے ساتھ

وَبِبَھَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِکَرَامَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی خوبصورتی کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کرامت کے ساتھ

وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِبَرَکَۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حجت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت کے ساتھ

وَبِعِزَّۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَبِقُوَّۃِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عزت کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قوت کے ساتھ

وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِرْفَعْ قَدْرِيْ وَاشْرَحْ صَدْرِيْ

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قدرت کیساتھ میرے وقار کو اونچا فرمادے اور میرا سینہ کھولدے

وَيَسِّرْ اَمْرِيْ ○ وَارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ○ بِفَضْلِكَ

اور میرا کام آسان فرمادے اور مجھے وہاں سے روزی دے جہاں اسکا گمان نہ ہو تیرے فضل اور

وَكَرَمِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ

تیرے کرم سے اے وہ ذات جسکی شان کھیعص اور حمعسق ہے اور میں تجھ سے عزت کے جلال

الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ الْعَظَمَةِ ○ اَنْ تَجْعَلَنِيْ

اور ہیبت کے جلال اور عظمت کی طاقت کے ساتھ مانگتا ہوں یہ کہ مجھے تیرے

مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ○ اَلَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

نیک بندوں سے بنادے جن پر نہ خوف ہے اور نہ جن کو

يَحْزَنُوْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَاَنْ تُصَلِّيَ

غم ہوگا تیری رحمت کے ساتھ اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان اور یہ کہ تو

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ لِيْ كَذَا وَكَذَا ○

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیجے اور میرے لیے یوں یوں کارسازی فرمادے

حِزْبُ الْاِسْتِغْفَارِ لِسَيِّدِ السُّلْطَانِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْكِيْلَانِيْ قدس اللہ سرہ

سید سلطان عبدالقادر گیلانی قدس سرہٗ کا حزب استغفار

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (۲۷/۳۰)

بے شک وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور بے شک وہ اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّ حَسَنَاتِيْ مِنْ عَطَائِكَ وَسَيِّئَاتِيْ مِنْ قَضَائِكَ ○

اے اللہ بیشک میری نیکیاں تیری عطا کی بدولت ہیں اور میری برائیاں تیری قضاء کے سبب ہیں۔

اَللّٰهُمَّ جُدْ عَلٰى مَا اَعْطَيْتَ عَلٰى مَا قَضَيْتَ حَتّٰى تَمْحُوَ ذٰلِكَ

اے اللہ بانصیب بنا اس پر جو کچھ تو عطا فرمائے اور جو کچھ تو حکم فرمائے حتیٰ کہ اس (مشکل) کو اس سے مٹادے

بِذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا عَطَاؤُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْهَالِكِيْنَ ○ وَلَوْلَا

اے اللہ! اگر تیری بخشش نہ ہو تو میں ہلاک ہونیوالوں سے ہو جاؤں اور اگر

قَضَاؤُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْفَائِزِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ فَالْمَعْذِرَةُ اِلَيْكَ

تیری قضاء نہ ہو تو میں کامیاب ہونیوالوں میں سے ہو جاؤں اے اللہ! تجھ ہی سے معافی مطلوب ہے

فِيْمَا سَبَقَ بِهٖ عِلْمُكَ ○ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ ○ وَاَنْتَ

اس پر کہ جو کچھ پہلے سرزد ہوا جو تیرے علم میں ہے اور جس کے لئے تیرا قلم چلا اور تو ہی

اَعَزُّ وَاَكْرَمُ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِنْ اَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ ○ وَ

سب سے بڑا عزت والا اور بزرگ اور مرتبہ والا اور عظمت والا ہے۔ یہ کہ تیری ہی اجازت سے تیری اطاعت ہو

مِنْ اَنْ تُعْصٰى اِلَّا بِعِلْمِكَ ○ اَطَعْتُكَ بِاِذْنِكَ فَالْمِنَّةُ

اور یہ کہ تیرے ہی علم سے تیری نافرمانی ہو میں نے تیری اجازت سے تیری اطاعت کی پس

لَكَ ○ وَعَصَيْتُكَ بِعِلْمِكَ فَالْحُجَّةُ لَكَ ○ اَللّٰهُمَّ

تیرے لئے ہی شکر ہے اور میں نے تیرے علم سے تیری نافرمانی کی پس تیرے لئے حجت ہے۔ اے اللہ!

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِوُجُوْدِ حُجَّتِكَ وَانْقِطَاعِ حُجَّتِیْ اَنْ تُصَلِّیَ

میں تیری حجت کے وجود کے ساتھ اور میری حجت کو منقطع کر کے تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ○ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیجے اور تو اپنے پاس سے مجھے ایسی مغفرت بخش دے

تُقَرِّبُهَا عَنِّیْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِیْ شَقِيًّا فَامْحُنِیْ وَاكْتُبْنِیْ

کہ مجھے قرب خاص حاصل ہو جائے اے اللہ! اگر تو نے مجھے بدبخت لکھا ہے تو اسے مٹا دے اور

سَعِيْدًا ○ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ يَمْحُو اللّٰهُ مَا

مجھے نیک بخت لکھدے۔ پس یہ تیرا ہی فرمان ہے اور تیرا فرمان سچا ہے "اللہ جو چاہا مٹاتا

يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتٰبِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اور ثابت کرتا ہے اور اصل لکھا ہوا اسی کے پاس ہے (پ۱۳) اے اللہ! بے شک میں

اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سَبَقَ فِيْ عِلْمِكَ اَسْتَوْجَبَ

تجھ ہی سے ہر اس پچھلے گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے جو میری دعاء

بِهٖ رَدَّ الدُّعَاءِ وَحِرْمَانَ الْاِجَابَةِ وَخَيْبَةَ الطَّمَعِ ۝

رد ہونے کا اور قبولیت سے محرومی کا اور خواہش کی مایوسی کا اور

وَانْفِسَاخَ الرَّجَاءِ ۝ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

امید ٹوٹ جانے کا موجب بنا۔ پس محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے بخشدے۔ اے اللہ! بیشک میں تجھ ہی سے

اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سَبَقَ فِيْ عِلْمِكَ اَنِّيْ

ہر اس پچھلے گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے بے شک تونے

فَاعِلُهٗ بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَصَلِّ عَلٰى

ہر چیز کو جو قدرت بخشی ہے تیری اس قدرت کے ساتھ میں نے اسکا ارتکاب کیا ہے، پس

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ۝

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے بخشدے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَوِيَ عَلَيْهِ بَدَنِيْ

اے اللہ! میں تجھ ہی سے ہر اس گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جس پر میرا جسم تیری دی ہوئی

بِعَافِيَتِكَ ۝ وَانْبَسَطَتْ اِلَيْهِ يَدِيْ بِسَعَةِ فَضْلِكَ ۝

تندرستی کے ساتھ قائم تھا۔ اور تیرے فضل کے موافق میرا ہاتھ اس کی طرف دراز ہوا

وَتَحَجَّبْتُ عَنِ النَّاسِ مِنْ سِتْرِكَ ۝ وَاتَّكَلْتُ عِنْدَ

اور میں نے تیری پناہ میں لوگوں سے پردہ پوشی کی اور میں نے تجھ سے

خَوْفِيْ مِنْكَ عَلٰى اَمَانِكَ ۝ وَوَثِقْتُ مِنْ سَطْوَتِكَ

میرے خوف کے وقت تیری امان پر بھروسہ کیا اور میں نے تیری ہی قدرت سے

بِحِلْمِكَ ○ وَعَوَّلْتُ عَلٰى كَرَمِ وَجْهِكَ وَعَفْوِكَ

تیرے حلم پر یقین کیا اور میں نے تیری ذات کے کرم اور تیری بخشش کی دہائی دی

○ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ○

پس محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تیری رحمت کیساتھ بخش دے اے سب مہربانوں سے بڑھکر مہربان، اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے عالموں کا رب ہے

○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحْيِيْ بِهَا

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج۔ وہ درود جسکی بدولت میری روح

رُوْحِيْ ○ وَتُوَفِّرُ بِهَا فُتُوْحِيْ ○ وَتَرْفَعُ بِهَا حُجُبِيْ

زندہ رہے اور میری کامیابیوں میں خوب اضافہ ہو اور میرے پردے اٹھ جائیں اور میرا

○ وَتُنَوِّرُ بِهَا قَلْبِيْ ○ وَتُؤَكِّدُ بِهَا حُبِّيْ ○ وَتُحَقِّقُ

دل روشن ہو جائے اور میری محبت معتبر ہو جائے اور میرا قرب

بِهَا قُرْبِيْ ○ وَتُزَكِّيْ بِهَا لُبِّيْ ○ وَتُفَرِّجُ بِهَا كُرَبِيْ

حقیقت بن جائے اور میرا باطن پاکیزہ ہو جائے اور میری مصیبت ٹل جائے

○ وَتَكْشِفُ بِهَا غَمِّيْ ○ وَتَغْفِرُ بِهَا ذَنْبِيْ ○ وَتَسْتُرُ

اور میرا غم چھٹ جائے اور میرا گناہ معاف ہو جائے اور میرا

بِهَا عَيْبِيْ ○ وَتُؤَهِّلُنِيْ لِرُؤْيَتِهٖ وَمُشَاهَدَتِهٖ ○

عیب چھپ جائے۔ اور میں آپ کے دیدار و مشاہدہ کا لائق بن جاؤں

وَتُسْعِدُنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَمُشَافَهَتِهٖ ○ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو اور مخاطبت کی سعادت عطا فرما۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اور آپکی آل اور اصحاب اور ازواج اور ذریات پر سلام بھیج، اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے عالموں کا رب ہے

اِن اسمائے گرامی سے قبل ایک بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی مَنِ اسْمُہٗ نیز

ہر اسمِ مبارک سے پہلے سَیِّدُنَا اور بعد صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑھنا موجبِ ثوابِ عظیم ہے

مُحَمَّدٌ مَحْمُوْدٌ اَحْمَدُ حَامِدٌ قَاسِمٌ عَاقِبٌ خَاتَمٌ مَاحِی

تعریف کئے ہوئے، سراہے ہوئے، بہت سراہے ہوئے، تعریف کرنیوالے، تقسیم کرنیوالے، سب کے پیچھے آنیوالے، ختم نبوت کی مہر، کفر مٹانیوالے

دَاعِی سِرَاجٌ مُنِیْرٌ حَاشِرٌ مُبَشِّرٌ نَذِیْرٌ مُنْذِرٌ

دعوتِ حق دینوالے، چراغِ روشن، جمع کرنیوالے، خوش خبری دینوالے، ڈرانے والے، ڈر پیدا کرنیوالے

رَسُوْلٌ مُرْسَلٌ نَبِیٌّ مَھْدِیٌّ مُھْتَدٍ خَلِیْلٌ

رسول، بھیجے ہوئے، نبی، ہدایت پائے ہوئے، ہدایت پر قائم، اللہ کو دوست رکھنے والے

حَبِیْبٌ طَبِیْبٌ صَفِیٌّ طٰهٰ یٰسٓ مُصْطَفٰی مُجْتَبٰی

اللہ کے پیارے، علاج کرنیوالے، منتخب، طٰہٰ، یٰسٓ، چنے ہوئے، برگزیدہ

مُرْتَضٰی نَاصِرٌ قَائِمٌ حَافِظٌ شَاھِدٌ شَھِیْدٌ عَادِلٌ

پسندیدہ، مددگار، قائم، حفاظت کرنیوالے، گواہی دینے والے، گواہ، انصاف کرنیوالے

عَالِمٌ حَلِیْمٌ. نُوْرٌ مُبِیْنٌ بُرْھَانٌ حُجَّةٌ بَیَانٌ

علم والے، حلم والے، روشنی والے، ظاہر، روشن دلیل، حجت، بیان،

مُطِیْعٌ مَذْکُوْرٌ وَاعِظٌ صَاحِبٌ نَاطِقٌ صَادِقٌ

رب کی اطاعت کرنیوالے، ذکر فرمائے گئے، وعظ کرنیوالے، صاحب، بولنے والے، سچ کہنے والے

مُصَدِّقٌ مُظَفَّرٌ مَکِّیٌّ مَدَنِیٌّ اَبْطَحِیٌّ قُرَیْشِیٌّ عَرَبِیٌّ

سچ بتائے ہوئے، فتح پائے ہوئے، مکے والے، مدینے والے، بطحا والے، قریشی، عربی،

ھَاشِمِیٌّ عَزِیْزٌ حَرِیْصٌ رَؤُوْفٌ رَحِیْمٌ جَوَادٌ غَنِیٌّ

ہاشمی، عزت والے، نہایت بھلائی چاہنے والے، مہربان، رحم والے، سخی، بے پروا،

فَتَّاحٌ عَلِیْمٌ مُنِیْبٌ خَطِیْبٌ فَصِیْحٌ رَشِیْدٌ

کھولنے والے، علم والے، اللہ سے رجوع ہونیوالے، خطابت والے، فصاحت والے، رہنما

طَاهِرٌ مُطَهَّرٌ اِمَامٌ اَمِیْرٌ مُتَوَسِّطٌ سَابِقٌ مُقْتَصِدٌ

پاک، پاک کئے ہوئے، امام، امیر، درمیانی، پچھلے، اعتدال پسند

اَوَّلٌ اٰخِرٌ ظَاهِرٌ بَاطِنٌ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ هَادٍ مُحَلِّلٌ

اول، آخر، کھلے، پوشیدہ، شفاعت کرنیوالے، شفاعت کئے ہوئے، رہبر، حلال ٹھیرانیوالے

مُحَرِّمٌ اٰمِرٌ نَاهِیْ حَکِیْمٌ قَرِیْبٌ شَاکِرٌ شَکُوْرٌ

حرام ٹھیرانے والے، حکم دینیوالے، منع کرنیوالے، حکمت والے، نزدیک، شکر کرنیوالے، شکر کے قدر دان

صَبُوْرٌ رَقِیْبٌ مُزَمِّلٌ مُدَّثِّرٌ مُعَلًّی مُزَکًّی مُشْفِقٌ

بردبار، نگاہ رکھنے والے، جھرمٹ مارنیوالے، چادر اوڑھنے والے، بلند کئے ہوئے، پاک کئے ہوئے، شفقت کرنیوالے

مُحْسِنٌ مُتَمِّمٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

احسان کرنیوالے، پورا کرنیوالے، آپ پر اور آپ کی آل واصحاب پر اللہ کا درود وسلام ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسکی شان بڑی ہے، نہایت مہربان اسکی شان بڑی ہے، بڑا رحم والا اسکی شان بڑی

اَلْمَلِکُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بادشاہ اسکی شان بڑی ہے، پاک اسکی شان بڑی ہے، سلامت اسکی بڑی شان ہے، امان دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُهَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ

نگہبان اسکی بڑی شان ہے، عزت والا اسکی بڑی شان ہے، تسلط والا اسکی بڑی شان ہے، تکبر والا اسکی بڑی شان ہے، پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ

پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، صورت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، بہت بخشنے والا اسکی بڑی شان ہے، قہر والا اسکی بڑی شان ہے، بہت نوازنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ

رزق دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، کھولنے والا اسکی بڑی شان ہے، علم والا اسکی بڑی شان ہے، تنگی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، کشادگی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِزُّ اَلْمُذِلُّ اَلسَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پست کرنیوالا اس کی بڑی شان ہے، بلند کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، عزت دینیوالا ذلت دینیوالا سننے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

دیکھنے والا اس کی بڑی شان ہے، حکم دینیوالا اس کی بڑی شان ہے، انصاف والا اسکی بڑی شان ہے، لطف والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْخَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَظِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

خبردار اس کی بڑی شان ہے، حلم والا اسکی بڑی شان ہے، عظمت والا اسکی بڑی شان ہے، بخشنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلشَّكُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَلِيُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْكَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَفِيْظُ جَلَّ جَلَالُہٗ

شکر کی قدر کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بلند مرتبہ اسکی بڑی شان ہے، بہت بڑا اس کی بڑی شان ہے، بڑا نگہبان اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْكَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

قوت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، کفایت کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بزرگ اسکی بڑی شان ہے، کرم والا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّقِيْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَكِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نگاہ رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے، قبول کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، فراخی والا اسکی بڑی شان ہے، حکمت والا اسکی بڑی شان ہے، بہت دوست رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلشَّهِيْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگی والا اسکی بڑی شان ہے، رسول بھیجنے والا اسکی بڑی شان ہے، گواہ اسکی بڑی شان ہے، سچا اسکی بڑی شان ہے، کارساز اسکی بڑی شان ہے

اَلْقَوِيُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَلِيُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

قوت والا اسکی بڑی شان ہے، مضبوط اسکی بڑی شان ہے، مددگار اسکی بڑی شان ہے، تعریف کرنیوالا اسکی شان بڑی ہے

اَلْمُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُحْيِيْ جَلَّ جَلَالُہٗ

گھیر نیوالا اسکی بڑی شان ہے، ابتداء کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، لوٹانے والا اسکی بڑی شان ہے، زندگی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَيُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

موت دینے والا اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ زندہ اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ قائم رہنے والا اسکی بڑی شان ہے، بے پروا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگ اسکی بڑی شان ہے، یکتا اسکی بڑی شان ہے، ایک اسکی بڑی شان ہے، بے نیاز اسکی بڑی شان ہے

اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

قدرت والا اسکی بڑی شان ہے، قدرت دینے والا اسکی بڑی شان ہے، آگے کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، پیچھے کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اوّل اسکی بڑی شان ہے، آخر اس کی بڑی شان ہے، کھلا اس کی بڑی شان ہے، پوشیدہ اسکی بڑی شان ہے

اَلْوَالِیُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُتَعَالِ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ

تدبیر سے کام کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، برتر اسکی بڑی شان ہے۔ بھلائی کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بہت توبہ قبول کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُنْتَقِمُ اَلْمُنْعِمُ اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلرَّؤُفُ جَلَّ جَلَالُهٗ مَالِكُ

بدلہ لینے والا نعمت دینے والا معاف کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، نہایت مہربان اسکی بڑی شان ہے، بادشاہ جہاں اسکی بڑی شان ہے

الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلرَّبُّ جَلَّ جَلَالُهٗ

عظمت اور بزرگی والا اسکی بڑی شان ہے، پروردگار اس کی بڑی شان ہے

اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْغَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُغْنِی جَلَّ جَلَالُهٗ

انصاف کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، جمع کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے بے پروا اسکی بڑی شان ہے، بے پروا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُعْطِی جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلضَّارُّ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

عطا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، باز رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے، ضرر پہنچانیوالا اسکی بڑی شان ہے، نفع پہنچانیوالا اسکی شان ہے، روشنی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْهَادِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَاقِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ

ہدایت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، نیا پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ رہنے والا اسکی بڑی شان ہے، فنا کے بعد رہنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ ○ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

راستہ بتانیوالا اسکی بڑی شان ہے، بردبار اسکی بڑی شان ہے وہی ہے اللہ جو ایک اکیلا،

الْفَرْدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○

تنہا، بے نیاز ہے جس نے اپنے لئے نہ کوئی بیوی اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ لَهٗ

نہ اسکی کوئی اولاد ہے، اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے (۱۱۲، ۳، ۴) اسکے

الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ○ وَالصِّفَاتُ الْعُلْيَا ○ وَلَهُ الْمَثَلُ

اسی کے ہیں سب اچھے نام (٢٠/٨)، اور صفات بلند ہیں اور اسی کیلئے

الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ

ہے سب سے برتر شان آسمانوں اور زمین میں اور وہی عزت و

الْحَكِيْمُ ○ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○

حکمت والا ہے (١٢/٢٧) اس کے مثل کوئی بھی شئے نہیں ہے اور وہ سننے والا دیکھنے والا (٤٢/١١)

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ

سب آنکھیں اسکا احاطہ نہیں کرتیں اور اس کے احاطہ میں سب آنکھیں ہیں اور وہ

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ

لطف والا خبردار ہے (٦/١٠٤) وہی اول اور آخر اور ظاہر

وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○ يَا جَمِيْلُ يَا اَللّٰهُ ○

اور باطن ہے اور اس کو ہر چیز کا علم ہے (٥٧/٣) اے وہ جمال والے اللہ

يَا قَرِيْبُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا مُجِيْبُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا حَبِيْبُ

اے وہ قریب رہنے والے اللہ اے وہ قبول کرنیوالے اللہ اے وہ دوست

يَا اَللّٰهُ ○ يَا رَءُوْفُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا عَطُوْفُ يَا اَللّٰهُ

اللہ اے وہ مہربان اللہ اے وہ نگاہ کرم کرنیوالے اللہ

يَا مَعْرُوْفُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا لَطِيْفُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا عَظِيْمُ

اے وہ معروف اللہ اے وہ لطف والے اللہ اے وہ عظمت والے

يَا اَللّٰهُ ○ يَا حَنَّانُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا مَنَّانُ يَا اَللّٰهُ

اللہ اے وہ مہربان اللہ اے وہ بہت احسان کرنیوالے اللہ

يَا دَيَّانُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا سُبْحَانُ يَا اَللّٰهُ ○ يَا اَمَانُ

اے وہ حساب لینے والے اللہ اے وہ پاکی والے اللہ اے وہ امان والے

یَا اَللّٰہُ ○ یَا بُرھَانُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا سُلْطَانُ یَا اَللّٰہُ ○

اللہ، اے وہ دلیل والے اللہ اے وہ سلطنت والے اللہ

یَا مُسْتَعَانُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُحْسِنُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُتَعَالُ

اے وہ مدد کرنیوالے اللہ اے وہ احسان کرنیوالے اللہ اے وہ برتر

یَا اَللّٰہُ ○ یَا رَحْمٰنُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا

اللہ اے وہ نہایت مہربان اللہ اے وہ رحم والے اللہ اے

کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مَجِیْدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا فَرْدُ یَا اَللّٰہُ

وہ کرم والے اللہ اے وہ بزرگی والے اللہ اے وہ تنہا اللہ

یَا وِتْرُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا اَحَدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا صَمَدُ یَا اَللّٰہُ

اے وہ اکیلے اللہ اے وہ یکتا اللہ اے وہ بے نیاز اللہ

یَا مَحْمُوْدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا صَادِقَ الْوَعْدِ یَا اَللّٰہُ ○

اے وہ سراہے ہوئے اللہ اے وہ وعدہ کا سچا اللہ

یَا عَلِیُّ یَا اَللّٰہُ ○ یَا غَنِیُّ یَا اَللّٰہُ ○ یَا شَافِیُ

اے وہ بلند مرتبہ اللہ اے وہ بے پروا اللہ اے وہ شفاء دینے

یَا اَللّٰہُ ○ یَا کَافِیُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُعَافِیُ یَا اَللّٰہُ ○

والے اللہ اے وہ کفایت دینے والے اللہ اے وہ معاف کرنیوالے اللہ

یَا بَاقِیُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا ھَادِیُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا قَادِرُ یَا

اے وہ ہمیشہ رہنے والے اللہ اے وہ ہدایت دینے والے اللہ اے وہ قدرت والے

اَللّٰہُ ○ یَا سَاتِرُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا قَھَّارُ یَا اَللّٰہُ ○

اللہ اے وہ عیب پوشی کرنیوالے اللہ اے وہ قہر والے اللہ

یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰہُ

اے وہ تسلط والے اللہ اے وہ بخشنے والے اللہ اے وہ کھولنے والے اللہ

يَا رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

اے آسمانوں اور زمین کے پروردگار، اے عظمت و بزرگی والے

اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ كُلِّهَا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى

میں تجھ سے ان سارے ناموں کے وسیلے سے یہ مانگتا ہوں کہ تو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جیسا کہ

سَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

تو نے ابراھیم (علیہ السلام) اور ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر دونوں جہاں میں

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ رَبَّنَا اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

درود و سلام اور برکت و رحمت بھیجی۔ اے ہمارے پروردگار! تو بڑی

○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تعریف و بزرگی والا ہے تیری رحمت کے ساتھ اے مہربانوں میں سب سے بڑا مہربان اور ساری تعریف اللہ کیلئے

يَا اَللّٰهُ (۳) يَا رَحْمٰنُ (۳) يَا رَحِيْمُ (۳) يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے، یا اللہ (تین بار) یا رحمٰن (تین بار) یا رحیم (تین بار) اے وہ ذات کہ تیرے سوا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمَلِكُ

کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ بے شک میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں اے نہایت مہربان اللہ اے

الْقُدُّوْسُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ ○ يَا اَللّٰهُ الْجَبَّارُ

بادشاہ پاک اللہ اے نگہبان غالب اللہ اے تسلط والے، تکبر والے اللہ

الْمُتَكَبِّرُ ○ يَا اَللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمُصَوِّرُ

اے خلقت کرنے والے، پیدا کرنے والے اللہ اے صورت دینے والے بخشنے

الْغَفَّارُ ○ يَا اَللّٰهُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ ○ يَا اَللّٰهُ الرَّزَّاقُ التَّوَّابُ ○

والے اللہ اے قہر والے، بہت نوازنے والے اللہ، اے رزق دینے والے، بہت توبہ قبول کرنے والے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْقَابِضُ الْبَاسِطُ ○

اے کھولنے والے علم والے اللہ ۔ اے تنگی دینے والے کشادگی دینے والے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ ○ یا اَللّٰہُ اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ○

اے پست کرنیوالے بلند کرنیوالے اللہ ۔ اے سننے والے دیکھنے والے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْحَکَمُ الْعَدْلُ ○ یا اَللّٰہُ اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ○

اے حکم دینوالے عدل کرنیوالے اللہ ۔ اے لطف والے خبردار اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْحَفِیْظُ الْمُقِیْتُ

اے بخشنے والے شکرگزاروں کی قدر کرنیوالے اللہ ۔ اے نگاہ رکھنے والے قوت دینے والے اللہ

○ یا اَللّٰہُ اَلْحَسِیْبُ الْجَلِیْلُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْکَرِیْمُ الرَّقِیْبُ ○

اے کفایت کرنیوالے بزرگ اللہ ۔ اے کرم والے نگہبان اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ

اے وسعت والے حکمت والے اللہ ۔ اے بہت وسعت رکھنے والے بزرگ اللہ

○ یا اَللّٰہُ اَلْبَاعِثُ الْوَارِثُ ○ یا اَللّٰہُ یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ

اے رسولوں کے بھیجنے والے فنا کے بعد رہنے والے اللہ ۔ اے سرداروں کے سردار اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ

اے دعاؤں کے قبول کرنیوالے اللہ ۔ اے درجے بلند کرنیوالے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا عَظِیْمَ الْبَرَکَاتِ

اے نیکوں کے مددگار اللہ ۔ اے برکتوں کی عظمت والے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا غَافِرَ السَّیِّئَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا مُعْطِیَ الْمَسْئُوْلَاتِ

اے گناہوں کے بخشنے والے اللہ ۔ اے مرادوں کے عطا کرنیوالے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ○

اے آوازوں کے سننے والے اللہ ۔ اے بلاؤں کو دور کرنے والے اللہ

يَا اَللّٰهُ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِيَّاتِ ○ يَا اَللّٰهُ سُبْحَانَكَ

اے کھلی اور پوشیدہ باتوں کا علم رکھنے والے اللہ ۔ اے اللہ تو پاک ہے

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا

اے وہ ذات کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، اے اللہ ہم کو دنیا و آخرت کی آفتوں

وَالْاٰخِرَةِ يَا اَللّٰهُ خَيْرَ الرَّاحِمِيْنَ ○ يَا اَللّٰهُ خَيْرَ

سے محفوظ رکھ اے سب سے بڑھ کر مہربان اللہ ، اے سب سے بڑھ کر

الْحَافِظِيْنَ ○

حفاظت فرمانے والے اللہ

يَا اَللّٰهُ (۳) يَا رَحْمٰنُ (۳) يَا رَحِيْمُ (۳) يَا عَزِيْزُ (۳)

اے اللہ (تین بار) اے نہایت مہربان (تین بار) اے بہت رحم والے (تین بار) اے عزت والے (تین بار)

يَا ضَارُّ يَا لَطِيْفًا لَا يُرَامُ ○ يَا قَيُّوْمًا لَا يَنَامُ ○ يَا دَائِمًا

اے نقصان دینوالے ، اے وہ لطف والے جو کو کسی سے حاجت نہیں ، اے ہمیشہ قائم رہنے والے جو سوتا نہیں

لَا يَفُوْتُ ○ يَا حَيًّا لَا يَمُوْتُ ○ يَا مَالِكًا لَا يُغْلَبُ

اے وہ ہمیشہ رہنے والے جو فوت ہوتا نہیں اے وہ ہمیشہ زندہ جو مرتا نہیں اے وہ مالک جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا

○ يَا بَاقِيًا لَا يَفْنٰى ○ يَا كَرِيْمًا لَا يُوْصَفُ ○ يَا بَصِيْرًا لَا

اے وہ ہمیشہ باقی رہنے والے جو فنا نہیں ہوتا اے وہ کرم والے جسکی خوبی بیان سے باہر ہے اے وہ دیکھنے والے

يَرْتَابُ ○ يَا عَالِمًا لَا يَنْسٰى ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْبَيْتِ

جس کے بارے میں کوئی شبہ نہیں ، اے وہ علم والے جو کبھی بھولتا نہیں ، اے اللہ ، اے خانہ کعبہ کے رب

الْحَرَامِ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ

اے اللہ اے مسجد حرام کے رب ، اے اللہ ، اے روشنی اندھیروں کے

النُّوْرِ وَالظَّلَامِ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ

رب ، اے اللہ ، اے تحیت وسلام والے رب

يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ اَحَدٌ بِلَا ضِدٍّ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ

اے اللہ اے وہ یکتا جس کی کوئی ضد نہیں اے اللہ اے وہ

صَمَدٌ بِلَا عَيْبٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ بِلَا كَيْفٍ

بے نیاز جس کا کوئی عیب نہیں اے اللہ اے وہ اکیلی ذات جس کی کوئی دوسری حالت نہیں

يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ مَوْصُوْفٌ بِلَا شِبْهٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا

اے اللہ اے وہ خوبیوں والی ذات جس کے مثل کوئی نہیں اے اللہ اے

مَنْ هُوَ رَبٌّ بِلَا وَزِيْرٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ غَنِيٌّ بِلَا

وہ پروردگار جس کا کوئی وزیر نہیں اے اللہ اے وہ تونگر جو کسی کا فقیر نہیں

فَقِيْرٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ مَلِكٌ بِلَا عَدِيْلٍ ○ يَا اَللّٰهُ

اے اللہ اے وہ بادشاہ جس پر کوئی عدل کرنیوالا نہیں ، اے اللہ

يَا مَنْ هُوَ مَوْجُوْدٌ بِلَا مَثِيْلٍ ○ يَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے وہ وجود والی ذات جس کی کوئی مثال نہیں، اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ

ہر طرح پاک ہے بیشک میں نے اپنے اوپر بڑا ظلم کیا ، اے اللہ میں تیری پاکی بیان

وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ

کرتا ہوں اور تیرا نام برکت والا ہے ۔ اور تیرا مرتبہ بلند ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں

غَيْرُكَ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کہو وہ اللہ ایک ہے ، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اللّٰهُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ بے نیاز ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسکی کوئی اولاد نہیں، اللہ کے سوا

وَلَمْ يُوْلَدْ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

کوئی معبود نہیں وہ کسی سے پیدا نہیں ہوا ، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اسکے جوڑ کا کوئی نہیں ۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ حَبِيْبُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے حبیب ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اٰدَمُ صَفِيُّ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ نَجِيُّ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ

آدم (علیہ السلام) اللہ کے صفی ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں نوح (علیہ السلام) اللہ کے نجی ہیں، اللہ کے

اِلَّا اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰى

سوا کوئی معبود نہیں ابراھیم (علیہ السلام) اللہ کے خلیل ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

كَلِيْمُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ ○

موسیٰ (علیہ السلام) اللہ کے کلیم ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں عیسیٰ (علیہ السلام) اللہ کی روح ہیں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وہ ایک ہے۔ اسکا کوئی شریک نہیں۔ اس کا سارا جہان ہے اور اسی کی ساری تعریف

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ○

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے اسکا کوئی شریک نہیں

اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً

ایسا معبود ہے ایک، یکتا، بے نیاز کہ اس نے نہ کوئی بیوی اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا

وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور اس کے جوڑ کا کوئی نہیں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَنْتَ سُبْحَانَكَ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَّظَلَمْتُ نَفْسِيْ

تو ہر طرح پاک ہے میں نے گناہ کیا اور اپنے نفس پر ظلم کیا پس میری

فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝

توبہ قبول کر بیشک تو بہت توبہ قبول کرنے والا بڑا رحم والا ہے۔ (۲/۱۲۸)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تمام بیماریوں اور دواؤں کی تعداد

وَّدَوَآءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ تَسْلِیْمًا

کے برابر درود بھیج اور آپ پر اور ان سب پر برکت فرما اور بہت سلام بھیج

کَثِیْرًا ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ الضَّعِیْفُ الْمُذْنِبُ

اے اللہ بیشک میں تیرا بندہ کمزور، گناہ گار،

الْعَاصِیْ یَارَبِّ وَاَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِیْ

نافرمان ہوں۔ اے پروردگار! تو نے فرمایا ہے اور تیرا ارشاد سچ ہے کہ

اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَاَنَا اَدْعُوْکَ وَاَنَا عَبْدُکَ

"مجھ سے دعاء کرو میں تمہارے لیئے قبول کروں گا" اور میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اور میں

الضَّعِیْفُ وَظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ

تیرا بندہ کمزور ہوں اور میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں

اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاَنْتَ رَبِّیْ رَحِیْمٌ

بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا پس تو ہی میرا رحم والا کرم والا پروردگار ہے

کَرِیْمٌ ۝ وَھٰذَا الْعَبْدُ قَدْ تَابَ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ

اور یہ بندہ ناچیز ہر اس کام سے توبہ کیا جس میں

مَا لَا بِہٖ رِضَاکَ ۝ یَا اِلٰھِیْ بِحَقِّ قُدْرَتِکَ وَرَحْمَتِکَ

کہ تیری خوشنودی نہیں، اے میرے معبود! تو اپنی قدرت اور رحمت

وَمَعْرِفَتِكَ مِنْ عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ اَنْ تَقْبَلَ

اور معرفت کے وسیلے سے تیرے اس کمزور بندے کی توبہ قبول فرما اور

تَوْبَتَهٗ وَتَرْحَمْتَهٗ يَا مَنْ لَا يُعِزُّ الْاَذِلَّاءَ وَلَا يُذِلُّ

اس پر رحمت فرما اے وہ (ذات کہ) تیرے سوا کوئی نہ ذلیلوں کو عزت دیتا ہے

الْاَعِزَّاءَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور نہ عزت والوں کو ذلت دیتا ہے اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے وسیلے

اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحُرْمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی حرمت کے طفیل

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِعَظَمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی عظمت کے طفیل اے لا الہ الا انت

اَنْتَ بِجَلَالِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِجَلَالَةِ

کی شان والے لا الہ الا انت کے جلال کے طفیل اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِكَمَالِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

کی جلالت کے طفیل اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے کمال کے طفیل

۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِمُلْكِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی قدرت کے طفیل اے لا الہ الا انت

اَنْتَ بِعِزِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِسُلْطَانِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞

کی شان والے لا الہ الا انت کی عزت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِمَلَكُوْتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِجَبَرُوْتِ

کی سلطنت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی بادشاہت کے طفیل لا الہ الا انت

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِفَضْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

کی شان والے لا الہ الا انت کی قوت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے فضل کے طفیل

○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِرَحْمَۃِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کی رحمت کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی

اَنْتَ بِمَغْفِرَۃِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِقَوْلِ

شان والے لا الٰہ الا انت کی مغفرت کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا

لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِحُکْمِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ

کے قول کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے حکم کے طفیل

○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِذِکْرِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے ذکر کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان

بِنُوْرِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِلُطْفِ لَا اِلٰہَ

والے لا الٰہ الا انت کے نور کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے

اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِعَدْلِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا

لطف کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے عدل کے طفیل

اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِصِدْقِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِقِدَمِ لَا اِلٰہَ

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے صدق کے طفیل اے لا الٰہ الا انت

اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ بِدَوَامِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ

کی شان والے لا الٰہ الا انت کی قدامت کے طفیل، اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت

بِبَقَاءِ لَا اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ ○ یالا اِلٰہ اِلاَّ اَنْتَ یا بَاقِی اَبَدًا دَائِمًا سَرْمَدًا

کے دوام کے طفیل، اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کی بقا کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے

قَائِمًا قَادِرًا مُؤْمِنًا مُهَیْمِنًا یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ

اے ابدی دائمی سرمدی مستقل طور پر قدرت والے امان دینے والے نگہبان کے طور پر ہمیشہ رہنے والے اے اللہ نہایت مہربان

یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا قَیُّوْمُ یَا مَالِكُ یَا مُحِیْطُ یَا

اے رحم والے اے کرم والے اے حلم والے اے علم والے اے عظمت والے اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے مالک احاطہ کرنے والے

شَكُوْرُ يَا قَدِيْمُ يَا قَدِيْرُ يَا تَوَّابُ يَا نَاصِرُ يَا وَاسِعُ يَا كَافِيْ

اے قدر کرنیوالے اے قدیم قدرت والے، اے بہت توبہ قبول کرنیوالے اے مددگار، اے وسعت والے اے کفایت کرنیوالے

يَا رَفِيْعُ يَا شَاهِدُ يَا وَكِيْلُ يَا مَتِيْنُ يَا وَلِيُّ يَا مُتَعَالِيْ

اے رفعت والے اے گواہ اے کارساز اے قدرت والے، اے دوست، اے برتر

يَا مُنْتَقِمُ يَا رَؤُوْفُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے بدلہ لینے والے، اے مہربان، اے بادشاہِ جہاں، عظمت و بزرگی والے

يَا مُقْسِطُ يَا جَامِعُ يَا غَنِيُّ يَا مَانِعُ يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ يَا

اے انصاف کرنیوالے، اے جمع کرنیوالے، اے بے پروا، اے باز رکھنے والے اے روشنی دینے والے اے ہدایت دینوالے

بَدِيْعُ يَا اِلٰهُ يَا وَاحِدُ يَا غَفُوْرُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا

اے نیا پیدا کرنیوالے اے معبود اے اکیلے اے بخشنے والے، اے تنگی دینوالے اے کشادگی دینے والے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا هُوَ يَا وَدُوْدُ يَا مَجِيْدُ يَا فَعَّالُ لِمَا

اے وہ (ذات) کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اے ہُو نام والے اے بہت دوست رکھنے والے اے بزرگ

يُرِيْدُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا سُبْحَانُ يَا سُلْطَانُ

اے جو چاہے کرنیوالے، اے مہربان، اے بہت احسان کرنیوالے اے حساب لینے والے اے ہر طرح پاکی والے اے

يَا خَلَّاقُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا وَهَّابُ يَا سَرِيْعَ الْحِسَابِ

سلطنت والے اے پیدا کرنیوالے، اے رزق دینوالے، اے کھولنے والے اے بہت نوازنے والے، اے جلد حساب لینے والے

○ يَا شَدِيْدُ يَا مُغِيْثُ يَا فَاضِلُ يَا طَاهِرُ يَا قَاهِرُ

اے شدت والے، اے مدد فرمانیوالے، اے فضل والے، اے پاکی والے، اے قہر والے،

يَا قَدِيْرُ يَا لَطِيْفُ يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ○

اے قدرت والے، اے لطف والے، اے بہترین مولا اور بہترین مددگار

يَا حَفِيْظُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ ○ يَا صَادِقُ يَا بَاعِثُ يَا اَوَّلُ

اے بڑے نگہبان، اے نزدیک رہنے والے، اے قبول کرنیوالے اے سچائی والے، اے رسولوں کو بھیجنے والے اے اوّل

یَا اٰخِرُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ یَا مُبِیْنُ یَا نُوْرُ یَا قُدُّوْسُ یَا
اے آخر، اے آشکارا، اے پوشیدہ، اے روشن، اے روشنی دینے والے، اے نہایت پاک

مُنْتَقِمُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ
اے بدلہ لینے والے، اے عزت والے، اے تسلط والے، اے تکبر والے، اے یکتا، اے بے نیاز کہ

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ بِحَقِّ
اور ہر موجود کی زندگی ہیں۔ تیری سلطنت کے جلال کی شوکت اور

جَلَالِ عِزِّ مَمْلَکَتِکَ ○ وَمَلِیْکِ صُنْعِ قُدْرَتِکَ

تیری مملکت کی عزت کا جلال اور تیری قدرت کی صنعتوں کے مالک اول

○ وَطِرَازِ الصَّفْوَةِ مِنْ اَھْلِ قُرْبِیَّتِکَ سِرِّ اللّٰہِ الْاَعْظَمِ

تیری قربت رکھنے والوں سے دوستی کا نقش ہیں اللہ کا عظیم ترین راز

○ وَحَبِیْبُ اللّٰہِ الْاَکْرَمِ ○ وَخَلِیْلُ اللّٰہِ الْمُعَظَّمِ

اور اللہ کے بزرگ ترین حبیب اور اللہ کے معظم و مکرم خلیل ہیں

الْمُکَرَّمِ ○ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ○ صَلَّی اللّٰہُ

(یعنی) ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے

عَلَیْہِ وَسَلَّمْ ○ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ عَبْدُکَ

میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے میں تیرا فریادی غریب

نَائٍ غَرِیْبٌ مُّصَابٌ قَدْ بَعُدَ عَنِ الْاَھْلِ وَالْاَوْطَانِ

مصیبت زدہ بندہ ہوں جو اپنوں اور وطن والوں سے دور افتادہ

○ فَعَسٰی یَزُوْلُ عَنْہُ التَّعَبُ وَالشَّقَآءُ وَیَلُوْحُ

ہوں۔ پس امید کہ اس سے پژمردگی اور سختی دور ہو جائے اور اسکے لئے

لَہُ الْاَثْلُ وَالْبَانُ ۝ وَیَنَالُہُ اللُّطْفُ وَالْغُفْرَانُ

استقامت اور روشنی ظاہر ہو جائے اور اس پر مہربانی و مغفرت کی نوازش

وَتَحِلُّ عَلَیْہِ الرَّحْمَۃُ وَالرِّضْوَانُ ۝ یَارَبِّ یَارَبِّ یَا

ہو جائے اور اس پر رحمت و رضوان نازل ہو جائے، اے پروردگار اے

رَبِّ یَارَحْمٰنُ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَادَیَّانُ یَاسُلْطَانُ ۝

پروردگار اے پروردگار، اے نہایت مہربان، اے بے حد مہربان اے بہت

اِرْحَمْ مَنْ ضَاقَتْ بِہِ الْاَکْوَانُ وَلَمْ تُؤْنِسْہُ الثَّقَلَانِ

احسان کرنیوالے اے حساب کرنیوالے، اے سلطنت والے اس پر رحم

۝ وَقَدْ اَصْبَحَ مُوَلَّہًا حَیْرَانًا ۝ وَاَمْسٰی غَرِیْبًا

فرما جس پر کائنات تنگ ہوگئی اور جس سے دونوں عالم اُنس نہیں رکھتے اور بیشک وہ صبح میں پریشان

بَعِیْدًا عَنِ الْاَہْلِ وَالْاَوْطَانِ ۝ مُنْزَعِجًا لَایَاْوِیْہِ

حیران ہے اور شام میں غریب اپنوں اور وطن والوں سے دور ہے ایسا پریشان ہے کہ نہ کوئی اسکا آشنا

اَہْلٌ وَّلَایَاْوِیْہِ مَکَانٌ ۝ قَلِقًا لَایُلْہِیْہِ عَنْ بَثِّہٖ

ہے اور نہ مکان، ایسا مضطرب ہے کہ زمانوں کے تغیر بھی اس کے غم اور رنج کو نہ بھلا

وَحُزْنِہٖ تَغَیُّرُ الْاَزْمَانِ ۝ مُسْتَوْحِشًا لَایَاْنَسُ

سکے ایسا پراگندہ خیال ہے کہ رحمٰن کی یاد کے سوا اس کے

قَلْبُہٗ اِلَّابِذِکْرِ الرَّحْمٰنِ ۝ یَامَنْ لَایَسْکُنُ قَلْبٌ

قلب کو کسی سے اُنس نہیں۔ اے وہ ذات کہ جس کے انوار کی روشنی

اِلَّابِنُوْرِہٖ وَاَنْوَارِہٖ ۝ وَلَایَحْیٰی عَبْدٌ اِلَّابِلُطْفِہٖ وَ

ہی سے قلب کو تسکین ملتی ہے اور جسکے لطف اور انوار کے سوا کوئی بندہ

اَنْوَارِہٖ ۝ وَلَایَبْقٰی وُجُوْدٌ اِلَّابِاِمْدَادِہٖ وَاِظْہَارِہٖ

زندہ نہیں اور جس کی امداد اور جسکے اظہار کے سوا کوئی وجود باقی نہیں

○ یَا مَنْ آنَسَ عِبَادَهُ الْاَبْرَارَ وَ اَوْلِیَائَهُ الْمُقَرَّبِیْنَ

اے وہ ذات جس نے اپنے مناجات و اسرار کی بدولت اپنے برگزیدہ

الْاَخْیَارَ بِمُنَاجَاتِهٖ وَ اَسْرَارِهٖ یَا مَنْ اَمَاتَ وَ اَحْیٰی

بندوں اور اپنے نیک مقرب ولیوں کو مانوس فرما لیا اور اے وہ ذات جس نے مارا اور

وَ اَبْلٰی وَ عَافٰی وَ قَدَّرَ وَ قَضٰی کُلَّ ذَالِکَ بِعَظِیْمِ

جلایا اور بلا میں ڈالا اور معاف کیا اور تقدیر بنائی اور وہ سب اپنی عظیم تدبیر اور

تَدْبِیْرِهٖ وَ سَابِقِ اَقْدَارِهٖ ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ

اپنے سابق اقدار کے ذریعہ پورا فرمایا۔ اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے کیا

اَهَلْ فِی الْوُجُوْدِ رَبٌّ سِوَاکَ فَیُدْعٰی ○ اِلٰهِیْ

تیرے سوا کوئی رب موجود ہے کہ جس کو پکارا جائے؟ اے میرے معبود اور

وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ اَمْ هَلْ فِی الْمَمْلَکَةِ اِلٰهٌ غَیْرُکَ

میرے سردار اور میرے سہارے کیا کائنات میں تیرے سوا کوئی معبود ہے

فَیُطْلَبُ مِنْهُ الْعَطَا ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ اَمْ

کہ جس سے بخشش کی طلب کی جائے؟ اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے

هَلْ ثَمَّ جَوَادٌ غَیْرُکَ فَیُسْئَلُ مِنْهُ الْفَضْلُ وَ النَّعْمَاءُ

سہارے کیا وہاں تیرے سوا کوئی سخی داتا ہے کہ جس سے فضل اور نعمتیں مانگی جائیں

○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ اَمْ هَلْ حَاکِمٌ غَیْرُکَ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے کیا تیرے سوا کوئی حاکم ہے جس کے پاس

فَتُرْفَعُ اِلَیْهِ الشَّکْوٰی ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ

فریاد رسی کی جائے؟ اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے

اَمْ هَلْ ثَمَّ مَنْ یُحَوِّلُ الْعَبْدَ الْفَقِیْرَ عَلَیْهِ ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ

کیا وہاں کوئی ہے جو فقیر بندہ کے حال کو بدل دے۔ اے میرے معبود میرے سردار

وَ سَنَدِیْ اَمْ هَلْ ثَمَّ مَنْ یَلْجَأُ الْخَائِفُ الْمُضْطَرُّ اِلَیْهِ

اور میرے سہارے کیا اور کوئی ہے کہ خوف زدہ بیقرار ہو کر جس سے التجا کرے؟

○ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ اَمْ هَلْ ثَمَّ مَنْ تُبْسَطُ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے کیا اور کوئی ہے جس کی جانب ہاتھ

اِلَّا کُفُّ وَ تُرْفَعُ الْحَاجَاتُ اِلَیْهِ ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ

پھیلائے جائیں اور حاجتیں پیش کی جائیں؟ اے میرے معبود اور میرے سردار

سَنَدِیْ وَ عِزَّتِكَ وَ جَلَالِكَ وَ جَمَالِكَ وَ بَهَائِكَ

اور میرے سہارے تیری عزت اور تیرے جلال اور تیرے جمال اور تیری خوبی کی قسم

لَیْسَ اِلَّا کَرَمُكَ وَ جُوْدُكَ یَا مَنْ لَا مَلْجَأَ مِنْهُ

تیرے کرم اور تیری بخشش کے سوا چارہ نہیں۔ اے وہ ذات جس کے سوا کوئی ملجا نہیں

اِلَّا اِلَیْهِ ○ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ قَدْ جَفَانِیْ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے بیشک قرابت دار نے مجھ پر

الْقَرِیْبُ وَ مَلَّنِیْ الْحَبِیْبُ وَ اَیْسَنِیْ الطَّبِیْبُ وَ شَمِتَ

ظلم کیا۔ اور دوست نے مجھے غمزدہ کر دیا اور طبیب نے مجھے مایوس کر دیا اور دشمن اور رقیب نے

فِیَّ الْعَدُوُّ وَ الرَّقِیْبُ ○ وَ اشْتَدَّ بِیَ الْکَرْبُ وَ النَّحِیْبُ

مجھے آزمائش میں ڈال دیا اور میری تڑپ اور آہ و زاری نے شدت اختیار کی اور تو بہت دوست

○ وَ اَنْتَ الْوَدُوْدُ الْقَرِیْبُ الرَّؤُفُ الْمُجِیْبُ ○ اِلٰهِیْ

رکھنے والا، قریب، مہربان اور قبول کرنے والا ہے۔ اے میرے معبود اور میرے

وَ سَیِّدِیْ وَ سَنَدِیْ اِلٰی مَنْ اَشْتَکِیْ وَ اَنْتَ الْحَلِیْمُ

سردار اور میرے سہارے میں کس سے فریاد کروں اور تو حلم والا قدرت والا

الْقَادِرُ ○ اَمْ بِمَنْ اَسْتَنْصِرُ وَ اَنْتَ الْوَلِیُّ النَّاصِرُ اَمْ

ہے۔ یا کس سے میں مدد طلب کروں اور تو ولی اور مددگار ہے

إِلٰى مَنْ أَلْتَجِي وَأَنْتَ الْكَرِيمُ السَّاتِرُ ○ أَمْ مَنْ يَجْبُرُ

یا کس سے میں التجا کروں ... اور تو کرم والا عیبوں کو ڈھانکنے والا ہے۔ یا کون ہے

كَسْرَ قَلْبِي ○ وَأَنْتَ لِلْقُلُوبِ جَابِرٌ ○ أَمْ مَنْ يَغْفِرُ

جو میرے ٹوٹے دل کو جوڑ دے اور تو ہی دلوں کو جوڑنے والا ہے یا کون ہے جو میرے

عَظِيمَ ذَنْبِي وَأَنْتَ لِلذُّنُوبِ غَافِرٌ ○ يَا مَنْ هُوَ

بڑے گناہوں کو معاف کر دے اور تو ہی گناہوں کو معاف کرنیوالا ہے۔ اے وہ ذات جو

فَوْقَ عِبَادِهِ قَاهِرٌ يَا مَنْ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ يَا رَبَّ

جو اپنے بندوں پر قہر والا ہے، اے وہ ذات جو اوّل و آخر ہے۔ اے ہر چیز کے رب

كُلِّ شَيْءٍ اغْفِرْ لِي كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى لَا تَسْأَلَنِي عَنْ شَيْءٍ

میری ہر چیز معاف کر دے حتی کہ تو مجھ سے کسی بھی چیز کی بازپرسی نہ کرے

○ يَا مَنْ لَا يَضُرُّهُ شَيْءٌ وَلَا يَنْفَعُهُ شَيْءٌ وَلَا يَئُودُهُ شَيْءٌ

اے وہ ذات جس کو کوئی چیز نہ نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ کوئی چیز نفع پہنچا

وَلَا يَسْتَعِينُ بِشَيْءٍ وَلَا يُعْجِزُهُ شَيْءٌ وَلَا يَغْلِبُهُ شَيْءٌ

سکتی ہے اور کوئی چیز اس پر بھاری نہیں اور وہ کسی چیز سے مدد نہیں مانگتا اور کوئی شئے

وَلَا يَغِيبُ عَنْهُ شَيْءٌ وَلَا يَشْغَلُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ ○ يَا مَنْ هُوَ

اس کو عاجز نہیں کرتی اور کوئی چیز اس پر غالب نہیں آتی اور اس سے کوئی شئے پوشیدہ نہیں اور اسکو کسی چیز

آخِذٌ بِنَاصِيَةِ كُلِّ شَيْءٍ اغْفِرْ لِي كُلَّ شَيْءٍ وَسَهِّلْ لِي

سے کسی چیز کی غرض نہیں اے وہ ذات جو ہر چیز کی نگہبانی فرماتا ہے میری ہر چیز معاف فرما دے اور میرے لیئے ہر چیز سہل

كُلَّ شَيْءٍ وَيَسِّرْ لِي كُلَّ شَيْءٍ وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ

بنادے اور میرے لئے ہر چیز آسان کر دے اور میرے لئے ہر چیز کے دروازے کھولدے اور

وَأَعْطِنِي كُلَّ شَيْءٍ وَبَارِكْ لِي فِي خَيْرِ كُلِّ شَيْءٍ ○

مجھے ہر چیز عطا فرما دے اور میرے لئے ہر چیز کی بھلائی میں برکت دے

وَسَخِّرْلِیْ رُوْحَانِیَّةَ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَنْ هُوَ عَلٰی کُلِّ

اور ہر چیز کی روحانیت پر مجھے قابو دے۔ اے وہ ذات جو ہر چیز پر قادر ہے

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ یَا اَوَّلُ لِکُلِّ شَیْءٍ یَا اٰخِرُ لِکُلِّ شَیْءٍ

اے ہر چیز کے لیئے اوّل، اور ہر چیز کے لیئے آخر اے ہر

یَا بَاطِنُ کُلِّ شَیْءٍ یَا خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ یَا رَازِقُ کُلِّ شَیْءٍ ۝

چیز کے باطن اے ہر چیز کے خالق اے ہر چیز کے رازق اے ہر چیز

یَا مُحْیِیْ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُمِیْتُ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُغْنِیْ کُلِّ

کو زندگی دینے والے اے ہر چیز کو موت دینے والے اے ہر چیز کو بے

شَیْءٍ یَا بَاعِثُ کُلِّ شَیْءٍ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ ۝ یَا مُغْنِیْ کُلِّ

پرواہ بنانے والے اے ہر چیز کے باعث اے ہر چیز کے پروردگار اے ہر چیز

شَیْءٍ یَا مُسَیِّرَ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُسَهِّلَ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُبْدِیَ

کو بے پرواہ بنانے والے، اے ہر چیز کو چلانیوالے، اے ہر چیز کو سہل بنانیوالے

کُلِّ شَیْءٍ یَا مُدَبِّرَ کُلِّ شَیْءٍ ۝ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ یَا

اے ہر چیز کی ابتداء کرنیوالے، اے ہر چیز کی تدبیر کرنیوالے، اے ہر چیز کے نور، اے ہر

هَادِیَ کُلِّ شَیْءٍ یَا مَهْدِیَ کُلِّ شَیْءٍ ۝ یَا مُحْصِیَ کُلِّ

چیز کے ہادی، اے ہر چیز کے مہدی اے ہر چیز کے شمار کرنیوالے اے ہر

شَیْءٍ یَا مُعِیْدَ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُحِیْطُ بِکُلِّ شَیْءٍ یَا خَبِیْرُ

چیز کو لوٹانے والے اے ہر چیز کا احاطہ کرنیوالے، اے ہر چیز کی خبر رکھنے

بِکُلِّ شَیْءٍ یَا بَصِیْرُ بِکُلِّ شَیْءٍ یَا قَرِیْبُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یَا

والے، اے ہر چیز کو دیکھنے والے اے ہر چیز کے پاس رہنے والے، اے ہر

شَهِیْدُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ یَا رَقِیْبُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ یَا لَطِیْفُ

چیز کے گواہ، اے ہر چیز کے محافظ اے ہر چیز کے ساتھ

بِكُلِّ شَيْءٍ يَا رَحِيمُ لِكُلِّ شَيْءٍ يَا كَرِيمُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

لطف والے، اے ہر چیز کے لیئے رحم کرنیوالے، اے ہر چیز پر کرم کرنیوالے

يَا عَلِيمُ بِكُلِّ شَيْءٍ يَا مُهَيْمِنُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ يَا سَتَّارُ

اے ہر چیز کا علم رکھنے والے، اے ہر چیز کے نگہبان اے ہر چیز کے عیب ڈھانکنے

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ يَا غَفَّارُ لِكُلِّ شَيْءٍ يَا قَائِمُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

والے اے ہر چیز کے معاف کرنیوالے، اے ہر چیز پر قائم رہنے والے اے

يَا قَيُّومُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ ○ يَا قَوِيُّ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ ○

ہر چیز پر ہمیشہ قائم رہنے والے اے ہر چیز پر قوت رکھنے والے اے

يَا قَادِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ يَا قَاهِرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ ○

ہر چیز پر قدرت رکھنے والے اے ہر چیز پر قہر کرنیوالے اے

يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ غَنِيٌّ

وہ ذات جو ہر چیز پر قادر ہے، اے اللہ بے شک تو ہر چیز سے بے پرواہ ہے

عَنْ كُلِّ شَيْءٍ ○ وَ كُلُّ شَيْءٍ مُفْتَقِرٌ اِلَيْكَ ○ وَيَفْتَقِرُ

اور ہر چیز تجھ سے بھیک مانگنے والی ہے۔ اور ہر چیز تجھ سے بھیک

كُلُّ شَيْءٍ اِلَيْكَ اَنْ تُغْنِيَنِي عَنْ كُلِّ شَيْءٍ اِنَّكَ عَلٰى

مانگتی ہے۔ یہ کہ تو مجھ کو ہر چیز سے بے پروا بنا دے بے شک تو ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

قدرت رکھتا ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جونہایت مہربان رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِیْمُ الرَّحِیْمُ الْفَعَّالُ

وہی ہے اللہ جس کے سواء کوئی معبود نہیں وہ حلم والا رحم والا کارفرمائی والا

○ اَللَّطِیْفُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِیْدُ الرَّحْمٰنُ

لطف والا مددگار، تعریف کرنیوالا، بردبار، راستہ بتانے والا بہت مہربان ہے

○ رَبِّ اَذِقْنِیْ بَرْدَ حِلْمِكَ عَلَیَّ حَتّٰی اَبْتَهِجَ بِهٖ فِیْ

اے رب! تو مجھ کو مجھ پر تیرے حلم کی ٹھنڈک عطا فرما حتیٰ کے اس کی بدولت

عَوَالِمِیْ فَلَا اَشْهَدُ فِی الْكَوْنِ اِلَّا مَا یَقْتَضِیْ سُكُوْتِیْ وَ

میرے عوالم میں شادمانی ہو اور میں دنیا میں اسی کی شہادت دوں جس پر میرے سکوت

رِضَائِیْ فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَ اَمْرُكَ وَ اَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّحِیْمُ

اور میری رضامندی کا تقاضا ہو پس بے شک تو اور تیرا حکم حق ہے اور تو ہی حلم والا

○ رَبِّ اَشْهِدْنِیْ مُطْلَقَ فَاعِلِیَّتِكَ فِیْ كُلِّ مَفْعُوْلٍ

رحم والا ہے اے رب! ہر ہونیوالے کام میں تیری مطلق کارفرمائی کا مجھے گواہ بنادے

حَتّٰی لَا اَرٰی فَاعِلًا غَیْرَكَ ○ لِاَكُوْنَ مُطْمَئِنًّا تَحْتَ

حتیٰ کہ میں تیرے سوا کسی کو کام کرتا نہ دیکھوں تاکہ تیرے قدروں کی کارفرمائی کے

جَرَیَانِ اَقْدَارِكَ ○ مُنْقَادًا لِكُلِّ حُكْمٍ وَ وُجُوْدٍ

تحت مطمئن ہو جاؤں، میری عینی غیبی اور برزخی زندگی میں ہر حکم کا فرمانبردار

عَیْنِیٍّ وَ غَیْبِیٍّ وَ بَرْزَخِیٍّ ○ یَا نَافِخَ رُوْحِ اَمْرِهٖ

ہو جاؤں اے وہ ذات جو ہر آنکھ میں اپنے حکم کی روح پھونکنے والی ہے

فِی کُلِّ عَیْنٍ اِجْعَلْنِیْ مُنْفَعِلًا فِیْ کُلِّ حَالٍ ○ لِمَا

مجھے ہر حال میں تابعدار بنادے جسکی بدولت تکوینی

یُحَوِّلُنِیْ عَنْ ظُلُمَاتِ تَکْوِیْنَاتِیْ وَامْحُ فِعْلِیْ وَفِعْلَ

ظلمتوں کا مجھ سے ازالہ ہوجائے اور تیری کارفرمائی کی احدیت

الْفَاعِلِیْنَ ○ فِیْ اَحَدِیَّةِ فِعْلِكَ وَتَوَلَّنِیْ بِجَمِیْلِ

میں میرے فعل کو اور کارندوں کے فعل کو مٹادے

حَمِیْدِ اخْتِیَارِكَ لِیْ فِیْ جَمِیْعِ تَوَجُّهَاتِیْ ○ وَافْنِ مِنِّیْ

اور میری جملہ توجہات میں میرے لیئے تیرے جمیل وحمید اختیار

اِرَادَتِیْ وَصَیِّرْنِیْ وَسَدِّدْنِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاصْحَبْنِیْ یَا

کے ذریعہ میری مدد فرما، اور مجھ سے میرا ارادہ پورا کردے اور میری حالت بدلدے اور مجھے سدھار

لَطِیْفَ الْعِنَایَةِ بِمَعِیَّةٍ خَاصَّةٍ مِنْكَ وَحَقِّقْنِیْ بِقُرْبِكَ

دے اور مجھ پر رحم فرما اور میرا دوست بن جا، اے عنایت کا لطف فرمانیوالے

الَّذِیْ لَاوَحْشَةَ مَعَهٗ یَارَحْمٰنُ ○ یَاسَلَامُ

تیری خاص معیت کے ذریعہ ہو اور مجھ کو اپنے قرب کی حقیقتوں سے آشنا فرمادے جس کے ساتھ کوئی وحشت

○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

نہ ہو اے بے حد مہربان اے سلامتی والے اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے

هٰذِهِ الصَّلَاةُ الْمُسَمَّاةُ بِالْكِبْرِيْتِ الْاَحْمَرِ وَفِيْهِ الْمُعْجِزَاتُ

اس درود کا نام "کبریت احمر" ہے اور اس میں معجزات ہیں جو

لِسَيِّدِنَا عَبْدِ الْقَادِرِ كِيْلَانِيْ فِيْهِ بَرَكَةٌ وَّتَوَسُّلٌ وَّسَيْرٌ وَّتَوْحِيْدٌ وَّفَيْضٌ

سیدنا عبد القادر گیلانی کا مصنفہ ہے جس میں برکت توسل سیر توحید اور فیض ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَدًا ۝ وَاَنْمٰى

اے اللہ! تیرے افضل درود کو ابدی بنا دے اور تیری اعلیٰ ترین

بَرَكَاتِكَ سَرْمَدًا ۝ وَاَزْكٰى تَحِيَّاتِكَ فَضْلًا وَّعَدَدًا

برکتوں کو سرمدی بنا دے اور تیری پاکیزہ ترین تحیات کو فضل و شمار سے

۝ عَلٰى اَشْرَفِ الْحَقَائِقِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ

سے بھر دے انسان پر جو انسانی حقیقتوں میں اشرف اور ایمانی

الدَّقَائِقِ الْاِيْمَانِيَّةِ ۝ وَطُوْرِ التَّجَلِّيَاتِ الْاِحْسَانِيَّةِ

باریکیوں کے معدن اور احسانی تجلّیات کے طور اور

وَمَهْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ ۝ وَوَاسِطَةِ عِقْدِ

رحمانی اسرار کے مرکز نبیوں کے سلسلہ کا واسطہ اور

النَّبِيِّيْنَ ۝ وَمُقَدَّمِ جَيْشِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَ

رسولوں کے لشکر کے سپہ سالار اور ساری

اَفْضَلِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ ۝ حَامِلِ لِوَاءِ الْعِزِّ

مخلوقات میں افضل، عالیشان پرچم تھامنے والے

الْاَعْلٰى ۝ وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الشَّرَفِ الْاَسْنٰى

اور روشن شرف کی مہاروں کے مالک

○ شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ وَمَشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ
ازلی اسرار کے گواہ اور وہ جنکے اگلے اوّلین انوار کی گواہی
الْاَوَّلِ ○ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ ○ وَمَنْبَعِ
دی گئی اور قدامت کی زبان کے ترجمان اور علم اور حلم
الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ ○ مَظْهَرِ سِرِّ الْوُجُوْدِ
اور حکمتوں کے منبع جزئی وکلّی وجود کے راز
الْجُزْئِيِّ وَالْكُلِّيِّ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ
کے مظہر اور علوی و سفلی وجود کی آنکھ والے انسان
وَالسُّفْلِيِّ ○ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ (ثَلَاثًا) ○ وَعَيْنِ
کونین کے جسم کی جان (تین بار) اور دارین کی زندگی
حَيٰوةِ الدَّارَيْنِ ○ اَلْمُتَخَلِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ الْعُبُوْدِيَّةِ
کی آنکھ، عبودیت کے اعلیٰ رتبوں کے ساتھ پیدا فرمائے ہوئے
اَلْمُتَحَقِّقِ بِاَسْرَارِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ ○ سَيِّدِ
منتخبہ مقامات کے بھیدوں کی حقیقتوں سے واقف، شریفوں کے
الْاَشْرَافِ وَجَامِعِ الْاَوْصَافِ ○ اَلْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ ○
سردار اور بہترین اوصاف کے جامل، خلیل اعظم اور حبیب اکرم
وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ ○ اَلْمَخْصُوْصِ بِاَعْلَى الْمَرَاتِبِ
ایسے اعلیٰ مرتبوں اور مقامات سے ممتاز کیے ہوئے جنہیں رعب
وَالْمَقَامَاتِ الْمُؤَيَّدِ بِاَوْضَحِ الْبَرَاهِيْنِ وَالدَّلَالَاتِ
اور معجزوں کے ساتھ واضح حجتوں اور کامیاب دلیلوں
اَلْمَنْصُوْرِ بِالرُّعْبِ وَالْمُعْجِزَاتِ ○ اَلْجَوْهَرِ الشَّرِيْفِ
کی تائید حاصل ہے۔ ابدی شریف جوہر اور

اَلْاَبَدِیِّ ○ وَالنُّوْرِ الْقَدِیْمِ السَّرْمَدِیِّ ○ سَیِّدِنَا وَ

اور سرمدی قدیم نور، ہمارے سردار اور ہمارے

نَبِیِّنَا مُحَمَّدِ الْمَحْمُوْدِ فِی الْاِیْجَادِ وَالْوُجُوْدِ الْفَاتِحِ لِکُلِّ

نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو ہر شاہد اور مشہود کیلئے فاتح

شَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ○ حَضْرَةِ الْمُشَاهَدَةِ وَالشُّهُوْدِ

وجود اور ایجاد میں محمود ہیں۔ ہر چیز کے نور کا مشاہدہ اور شہود

نُوْرِ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُدَاهُ ○ سِرِّ کُلِّ سِرٍّ وَّسَنَاهُ ○

کی بارگاہ اور اسکی ہدایت ہیں، ہر بھید کا راز اور اسکی ضیاء ہیں

اَلَّذِیْ شَقَقْتَ مِنْهُ الْاَسْرَارَ ○ وَانْفَلَقَتْ مِنْهُ الْاَنْوَارُ ○

جس کی بدولت تو نے اسرار کھولدیئے اور جس سے انوار ظاہر ہوئے

السِّرِّ الْبَاطِنِ وَالنُّوْرِ الظَّاهِرِ ○ اَلْعَاقِبِ الْحَاشِرِ

باطن کا راز اور ظاہر کا نور ہیں، سب کے پیچھے آنیوالے جمع کرنیوالے

النَّاهِیْ الْاٰمِرِ النَّاصِحِ النَّاصِرِ الصَّابِرِ الشَّاكِرِ الْقَانِتِ الذَّاكِرِ

منع کرنیوالے، حکم کرنیوالے، نصیحت کرنیوالے، صبر کرنیوالے شکر کرنیوالے، فرمانبردار

الْمَاحِیْ الْمَاجِدِ الْعَزِیْزِ الْحَامِدِ الْمُؤْمِنِ الْعَابِدِ الْمُتَوَكِّلِ

ذکر کرنیوالے کفر مٹانے والے بزرگ، عزت والے، تعریف کرنیوالے امان دینے والے عبادت

الزَّاهِدِ الْقَائِمِ التَّابِعِ الشَّهِیْدِ الْوَلِیِّ الْحَمِیْدِ الْبُرْهَانِ

کرنیوالے اللہ پر بھروسہ کرنیوالے زہد والے، استقامت والے اللہ کے مطیع گواہ، مددگار

الْحُجَّةِ الْمُطَاعِ الْمُخْتَارِ الْخَاضِعِ الْخَاشِعِ الْبَرِّ الْمُسْتَنْصِرِ

قابل تعریف دلیل حجت، پیشوا، اختیار والے عجز پسند ڈرنے والے نیک نصرت چاہنے والے

الْحَقِّ الْمُبِیْنِ ○ اَلسَّیِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ الْاَوَّلِ

سچے روشن، کامل سردار کھولنے والے، ختم کرنیوالے، اول

الْاٰخِرِ الْبَاطِنِ الظَّاهِرِ ○ طٰهٰ وَيٰسٓ ○ الْمُزَّمِّلِ الْمُدَّثِّرِ

آخر، پوشیدہ ظاہر، طٰہٰ اور یٰسین، جھرمٹ مارنیوالے، چادر اوڑھنے والے

سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ ○ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

رسولوں کے سردار، متقیوں کے امام اور نبیوں میں سب سے آخر

○ وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○ اَلنَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَالرَّسُوْلِ

سارے جہانوں کے رب کے حبیب، چنے ہوئے نبی اور برگزیدہ رسول

الْمُجْتَبٰى الْحَكَمِ الْعَدْلِ الْحَكِيْمِ الْعَلِيْمِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ

انصاف والے، عدل والے، حکمت والے، علم والے، بے حد مہربان، رحم والے

○ نُوْرِكَ الْقَدِيْمِ ○ وَصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ ○ صَلَّى

تیرے قدیم نور، تیرے صراطِ مستقیم ہیں، اللہ آپ پر درود و سلام بھیجے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَفِيِّكَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول اور تیرے صفی اور

وَخَلِيْلِكَ وَدَلِيْلِكَ وَنَجِيِّكَ وَنُخْبَتِكَ وَذَخِيْرَتِكَ

تیرے خلیل اور تیری دلیل، اور تیرے نجی اور تیرا انتخاب اور تیرا سرمایہ

وَخِيَرَتِكَ ○ وَاِمَامِ الْخَيْرِ ○ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ○

اور تیری بہتری ہیں، اور بھلائی کے امام ہیں اور بھلائی کے قائد اور رسول

اَلنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْاَبْطَحِيِّ الْمَكِّيِّ

رحمت نبی امی، عربی قریشی، ہاشمی، بطحا والے، مکی، مدنی

الْمَدَنِيِّ التِّهَامِيِّ الشَّاهِدِ الْمَشْهُوْدِ الْوَلِيِّ الْمُقَرَّبِ السَّعِيْدِ

تہامہ والے، گواہ، وہ جن کی گواہی دی گئی، ولی، مقرب، سعید مسعود

الْمَسْعُوْدِ الْحَبِيْبِ الشَّفِيْعِ الْحَسِيْبِ الرَّفِيْعِ الْمَلِيْحِ الْبَدِيْعِ

حبیب، شفیع، شمار کرنیوالے، رفعت والے، ملاحت والے، ندرت والے

الْوَاعِظِ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ الْعَطُوْفِ الْحَلِيْمِ الْجَوَادِ الْكَرِيْمِ

وعظ فرمانے والے، خوشخبری دینے والے، ڈرانے والے، مہربان، حلم والے، سخی کرم والے

الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمَكِيْنِ الصَّادِقِ الْمُصَدُّوْقِ الْاَمِيْنِ

پاک، برکت والے، مکان والے، صادق، وہ جن کی تصدیق کی گئی، امانت والے

الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الَّذِيْ اَدْرَكَ

تیرے حکم سے تیری جانب دعوت دینے والے، روشن چراغ جو حقیقتوں سے ان

الْحَقَائِقَ بِحُجَجِهَا وَفَازَ الْخَلَائِقَ بِرُمَّتِهَا وَجَعَلْتَهُ حَبِيْبًا وَّ

کی حجتوں کے ساتھ آشنا ہیں اور مخلوقات میں بالکلیہ کامیاب ہیں اور

نَاجَيْتَهُ قَرِيْبًا وَّاَدْنَيْتَهُ رَقِيْبًا وَخَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَ

جنہیں تو نے حبیب بنایا اور جن سے تو نے قریب کر کے سرگوشی کی اور جنہیں

الدَّلَالَةَ وَالْبِشَارَةَ وَالنِّذَارَةَ وَالنُّبُوَّةَ وَنَصَرْتَهُ بِالرُّعْبِ

تو نے نگہبان بنا کر نزدیک بلایا اور جن پر تو نے رسالت اور دلالت اور بشارت اور

وَظَلَّلْتَهُ بِالسُّحُبِ وَرَدَدْتَ لَهُ الشَّمْسَ وَشَقَقْتَ لَهُ

خوف دلانے کو اور نبوت اور نصرت کو رعب کیساتھ پورا فرما دیا اور جن پر تو نے بادل کا سایہ

الْقَمَرَ ○ وَاَنْطَقْتَ لَهُ الضَّبَّ وَالظَّبْيَ وَالذِّئْبَ وَ

افگن کر دیا اور جن کے لئے تو نے سورج پلٹا دیا اور جن کے لئے تو نے چاند کے ٹکڑے کر دیئے اور

الْجِذْعَ وَالذِّرَاعَ وَالْجَمَلَ وَالْجَبَلَ وَالْمَدَرَ وَالشَّجَرَ

جن کیلئے تو نے اونٹ اور ہرن اور بھیڑیا اور درخت اور بچھڑے اور اونٹ اور پہاڑ اور سنگریزے

○ وَاَنْبَعْتَ مِنْ اَصَابِعِهِ الْمَاءَ الزُّلَالَ ○ وَاَنْزَلْتَ

اور جھاڑ کو زبان دی اور جنکی انگلیوں سے تو نے شفاف و شیریں پانی کا چشمہ جاری فرمایا اور

مِنَ الْمُزْنِ بِدَعْوَتِهِ فِيْ عَامِ الْجَدْبِ وَالْمَحْلِ وَابِلَ الْغَيْثِ

جنکی دعا پر تو نے امساکِ باراں اور قحط کے سال میں بادل سے موسلا دھار بارش اور

وَالْمَطَرِ فَاعْشَوْشَبَ مِنْهُ الْقَفْرُ وَالصَّخْرُ وَالْوَعْرُ

برسات نازل فرمائی تو اس کے سبب بنجر اور کہسار اور غیر ہموار اور

وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ ۝ وَاَسْرَيْتَ بِهٖ لَيْلًا

مسطح اور ریتیلے اور پہاڑی علاقے ہرے بھرے ہو گئے اور جنہیں تو نے

مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى السَّمٰوٰتِ

راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصٰی تک پھر سربلند آسمانوں تک سیر کرائی

الْعُلٰى ۝ اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ

پھر سدرۃ المنتہٰی تک پھر قاب قوسین یا اس سے بھی آگے اور جنہیں

اَوْ اَدْنٰى ۝ وَاَرَيْتَهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۝ وَاَنَلْتَهُ الْغَايَةَ

تو نے بڑی نشانی دکھلائی اور جنہیں تو نے بے پناہ مقصد میں باقرار فرمایا

الْقُصْوٰى وَاَكْرَمْتَهُ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَالْمُشَافَهَةِ

اور جنہیں تو نے آنکھوں کے روبرو خطاب اور مراقبہ اور حضوری اور

وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ ۝ وَخَصَّصْتَهُ

مشاہدہ اور معائنہ سے نوازا اور جنہیں تو نے روشن وسیلے

بِالْوَسِيلَةِ الْعَذْرَاءِ ۝ وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى ۝

سے اور محشر میں بروز قیامت شفاعت کبریٰ سے ممتاز فرمایا اور جن کیلئے

يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ فِى الْمَحْشَرِ ۝ وَجَمَعْتَ

تو نے کلاموں کی جامعیتوں اور حکمتوں کے جواہر کو

لَهٗ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ ۝ وَجَعَلْتَ

یکجا فرما دیا اور تو نے جنکی اُمت کو سب اُمتوں

اُمَّتَهٗ خَيْرَ الْاُمَمِ ۝ وَغَفَرْتَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

سے بہتر بنایا اور جن کے اگلوں اور پچھلوں کے

ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ ○ اَلَّذِیْ بَلَّغَ الرِّسَالَۃَ وَاَدّٰی

گناہوں کو تونے معاف فرمادیا، جنہوں نے رسالت پہنچائی اور امانت

الْاَمَانَۃَ ○ وَنَصَحَ الْاُمَّۃَ ○ وَکَشَفَ الْغُمَّۃَ وَ

کا حق ادا کردیا اور امت کو نصیحت کی اور بادل کو پھاڑ دیا

جَلَی الظُّلْمَۃَ وَجَاھَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ○ وَعَبَدَ

اور تاریکی کو روشن کردیا اور اللہ کی راہ میں مجاہدہ کیا اور اپنے

رَبَّہٗ حَتّٰی اَتَاہُ الْیَقِیْنُ ○ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ مَقَامًا

رب کی عبادت کی، یہاں تک کہ اس کا یقین ہو گیا۔ اے اللہ آپ کو مقام

مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُہٗ فِیْہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

محمود عطا فرما جس کے لیے اگلوں اور پچھلوں نے آرزو کی تھی

○ اَللّٰھُمَّ عَظِّمْہُ فِی الدُّنْیَا بِاِعْلَاءِ ذِکْرِہٖ وَ

اے اللہ دنیا میں آپکے ذکر کی بلندی اور آپ کے دین

اِظْھَارِ دِیْنِہٖ وَاِبْقَاءِ شَرِیْعَتِہٖ وَفِی الْاٰخِرَۃِ

کے اظہار اور آپ کی شریعت کی بقا کے ذریعہ اور آخرت میں آپ

بِشَفَاعَتِہٖ فِیْ اُمَّتِہٖ وَاَجْزِلْ اَجْرَہٗ وَمَثُوْبَتَہٗ

کی امت کے لیے شفاعت کے ذریعہ آپ کو عظمت عطا فرما

وَاَیِّدْ فَضْلَہٗ عَلَی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ○ وَ

اور آپ کے اجر اور ثواب کو خوب بڑھادے اور

تَقَدُّمَہٗ عَلٰی کَافَّۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّھُوْدِ ○ اَللّٰھُمَّ

آپ کے فضل کو اگلوں اور پچھلوں پر عام فرمادے اور شہود کے جملہ مقربین پر آپ کو تقدم عطا فرما

تَقَبَّلْ شَفَاعَتَہُ الْکُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَہُ الْعُلْیَا ○

اے اللہ! شفاعت کبریٰ کو قبول فرما اور آپ کے اعلیٰ درجہ کو بلند فرما

وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ○ كَمَا اَعْطَيْتَ

اور آپ پہلے اور بعد جو بھی مانگیں وہ آپ کو عطا فرما جس طرح تو نے

اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ

ابراہیم و موسیٰ (علیہما السلام) کو عطا فرمایا تھا۔ اے اللہ آپ کو تیرے بندوں میں بلحاظ شرف

عَلَيْكَ شَرَفًا ○ وَمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً

بزرگ ترین اور بلحاظ درجہ تیرے پاس ان میں بلند ترین

○ وَاَعْظَمِهِمْ خَطَرًا ○ وَاَمْكَنِهِمْ شَفَاعَةً ○

اور بلحاظ مرتبہ ان میں عظیم ترین اور شفاعت میں ان میں ممکن ترین بنا دے

اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ

اے اللہ آپ کی دلیل کو عظمت دے اور آپ کی حجت کو روشن فرما

مَامُوْلَهٗ فِىْ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ اتْبِعْهُ مِنْ

اور آپ کے اہل بیت اور آپ کی اولاد میں آپ کی توقعات کو پوری فرما۔ اے اللہ

ذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ

آپ کی اولاد اور آپ کی امت کو آپ کا فرمانبردار بنا جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں

مَا جَزَيْتَ بِهٖ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْزِ الْاَنْبِيَآءَ كُلَّهُمْ

اور تو نے ایک نبی کو اس کی امت کی طرف سے جو جزا دی ہے اس سے بہتر جزا آپ کو ہماری

خَيْرًا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

طرف سے عطا فرما اور سب نبیوں کو جزائے خیر دے۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

عَدَدَ مَا شَاهَدَتْهُ الْاَبْصَارُ وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ

ان کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج جنہوں نے آپ کا آنکھوں سے مشاہدہ کیا اور کانوں سے سنا

○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ○

اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج جنہوں نے آپ پر درود پڑھا

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جنہوں نے آپ پر درود

○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ يُصَلّٰى

نہیں پڑھا۔ اور آپ پر ایسا ہی درود وسلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنا تجھے محبوب و پسندیدہ ہے

عَلَيْهِ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّيَ

اور آپ پر ایسا ہی درود وسلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنے کا ہم کو تو نے حکم دیا

عَلَيْهِ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُصَلّٰى

ہے ۔ اور آپ پر ایسا ہی درود وسلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنا چاہیے۔

عَلَيْهِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

اے اللہ آپ پر اور آپ کی آل پر اللہ کی نعمتوں اور فضیلتوں کی

نَعْمَاءِ اللّٰهِ وَاِفْضَالِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

تعداد کے برابر درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ آپ پر اور آپ کی آل پر اور

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ

آپکے اصحاب پر اور آپ کی اولاد اور آپ کی ازواج اور آپ کی ذریات

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَ

اور آپ کے اہل بیت اور آپ کی عترت اور آپ کے قرابت دار اور آپ کے سسرال اور آپکے احباب

اَحْبَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَاَنْصَارِهٖ خَزَنَةِ اَسْرَارِهٖ

اور آپ کی اتباع کرنیوالوں اور آپ کی جماعتوں اور آپکے انصار پر درود وسلام

وَمَعَادِنِ اَنْوَارِهٖ وَكُنُوْزِ الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ

بھیج جو آپ کے اسرار کا خزینہ ۔ اور آپکے انوار کے معدن اور حقائق کے خزانے اور مخلوق کے

نُجُوْمِ الْهُدٰى لِمَنِ اقْتَدٰى ○ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا

مقتدا اور جو اقتدا کریں، ان کے لئے ہدایت کے ستارے ہیں اور کثرت سے دائمی

دَآئِمًا اَبَدًا وَّ اَرْضَ عَنْ كُلِّ الصَّحَابَةِ رِضًى ○ سَرْمَدًا

وابدی طور پر خوب سلام بھیج اور تمام صحابہ سے راضی وخوش رہ، سرمدی طور

عَدَدَ خَلْقِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَرِضَآءَ نَفْسِكَ ○

پر تیری مخلوق اور تیرے عرش کے وزن اور تیری ذات کی رضامندی اور تیرے

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ ذَاكِرٌ وَّ

کلمات کی روشنائی تیری یاد میں سب ذکر کرنیوالوں اور تیری یاد کو

سَهٰى عَنْ ذِكْرِكَ غَافِلٌ ○ صَلٰوةً تَكُوْنُ

فراموش کرنیوالے غافلوں کی تعداد کے برابر ایسا درود کہ

لَكَ رِضَآءً ○ وَلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَّلَنَا صَلَاحًا ○ وَاٰتِهِ

تیری خوشنودی کا موجب ہو اور آپ کے حق کی ادائی ہو اور ہمارے لیے

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ

صلاح ہو اور آپ کے لیئے وسیلہ اور فضیلت اور اعلیٰ رفیع درجہ عطا فرما اور

وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَاَعْطِهِ اللِّوَآءَ الْمَعْقُوْدَ

آپ کو مقامِ محمود سرفراز فرما اور مضبوط پرچم اور

○ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَصَلِّ يَارَبِّ عَلٰى جَمِيْعِ

حوض جس پر سب وارد ہوں آپ کو عطا فرما اور اے رب نبیوں

اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى جَمِيْعِ

اور رسولوں میں سے آپ کے بھائیوں پر اور تمام

الْاَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ ○ (وَعَلٰى سَيِّدِنَا الشَّيْخِ

اولیاء صالحین پر (اور ہمارے سردار شیخ

مُحْيِ الدِّيْنِ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْكِيْلَانِي الْاَمِيْنِ

محی الدین ابی محمد عبد القادر کیلانی پر جو امین مکین ہیں) درود بھیج

الْمُكِیْنِ) صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

ان سب پر اللہ کا درود ہو اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جن کا نور سب سے پہلے پیدا کیا گیا

○ اَلرَّحْمَةِ لِلْعَالَمِیْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰی مِنْ

جن کا ظہور سارے جہانوں کے لیے رحمت ہے۔ اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر

خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِیَ صَلٰوةً

درود وسلام بھیج جو مخلوق میں سے گذرے اور جو باقی رہ گئے اور جو ان میں سے

تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَّا غَایَةَ لَهَا وَلَا

نیک بخت ہوئے اور جو بدبخت ہوئے ایسا درود جو پوری تعداد میں ہو جائے اور جو حد تک

اِنْتِهَآءَ لَهَا وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَآءَ ○ صَلَاتَكَ

جا پہنچ جائے ایسا درود جسکا نہ کوئی کنارہ اور نہ جسکی کوئی انتہا اور نہ جسکی آخری حد ہو اور نہ جسکی کوئی تکمیل ہو

الَّتِیْ صَلَّیْتَ عَلَیْهِ صَلَاةً مَّعْرُوْضَةً عَلَیْهِ وَمَقْبُوْلَةً

تیرا وہ درود جو آپ پر تو بھیجا ہے وہ درود جو آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا اور

لَدَیْهِ صَلَاةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ وَبَاقِیَةً بِبَقَآئِكَ لَا

آپ کی جانب سے قبول فرمایا گیا وہ درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائمی رہے اور تیری بقا کے

مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ ○ صَلَاةً تُرْضِیْكَ وَتُرْضِیْهِ وَ

ساتھ باقی رہے جس کی انتہا تیرے سوا کسی کے علم میں نہیں وہ درود جس سے تو راضی ہو

تَرْضٰی بِهَا عَنَّا ○ صَلَاةً تَمْلَاُ الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ ○ صَلَاةً

اور آپ بھی راضی ہوں اور جسکی بدولت تو ہم سے بھی راضی ہو جائے وہ درود جو زمین و

تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ ○ وَتُفَرَّجُ بِهَا الْكُرَبُ ○ وَتُجْرٰی

آسمان میں بھر جائے وہ درود جس سے گتھیاں سلجھ جائیں بیقراری دور ہو جائے۔ اور جس سے

بِمَا لُطْفِكَ مِنْ اَمْرِيْ وَ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ ○ وَبَارِكْ

میرے اور مسلمانوں کے کاموں میں تیرا لطف شامل ہو جائے، ہمیشہ

عَلَى الدَّوَامِ وَعَافِنَا وَاهْدِنَا وَاجْعَلْنَا اٰمِنِيْنَ

کیلئے برکت نازل فرما اور ہم کو عافیت دے اور ہمکو ہدایت دے اور ہمکو

○ وَيَسِّرْ اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ

امن والے بنادے اور ہمارے دلوں اور بدنوں کی راحت اور ہمارے دین و دنیا و آخرت

وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا وَتَوَفَّنَا عَلَى

میں سلامتی و عافیت کے ساتھ میرے اور مسلمانوں کے کاموں کو آسان فرمادے

الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاجْمَعْنَا مَعَهُ فِي الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ

اور ہم کو کتاب و سنت پر وفات دے اور اسی کے ساتھ ہم کو جنت میں یکجا

عَذَابٍ يَسْبِقُ وَاَنْتَ رَاضٍ عَنَّا وَلَا تَمْكُرْ بِنَا وَاخْتِمْ

فرما اس طرح کہ کبھی عذاب سے سابقہ نہ پڑے اور تو ہم سے راضی رہ اور ہمیں مکر کی کوئی سزا نہ

لَنَا بِخَيْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ بِلَا مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ

دے اور تیرے ساتھ ہم سب کا خاتمہ بالخیر فرما اور مشکل کے بغیر عافیت دے،

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَ

تمہارا رب عزت والا رب ان کی باتوں سے پاک ہے اور رسولوں پر سلام ہے اور

سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے

وردِ یوم الثلاث کا ورد
روز سہ شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ تَوَاضَعَ كُلُّ شَیْءٍ لِعَظَمَتِهٖ ○ وَ

ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جس کی عظمت کے آگے ہر چیز عاجز ہے اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ ذَلَّ كُلُّ شَیْءٍ لِعِزَّتِهٖ ○ وَالْحَمْدُ

ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی عزت کے آگے ہر چیز ذلیل ہے

لِلّٰهِ الَّذِیْ خَضَعَ كُلُّ شَیْءٍ لِمُلْكِهٖ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی حکومت کے آگے ہر چیز سرنگوں ہے اور

اسْتَسْلَمَ كُلُّ شَیْءٍ لِقُدْرَتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ

ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جس کی قدرت کے آگے ہر چیز نے سر تسلیم خم کردیا۔ اے اللہ بیشک ہم آپ کو

وَنَتَشَفَّعُ بِهٖ لَدَيْكَ ○ صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى ○

تیری طرف وسیلہ بناتے ہیں اور تیرے حضور آپ کے وسیلے سے شفاعت طلب کرتے ہیں

وَالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى ○ وَالذَّرِيْعَةِ الْعُذْرٰى ○

شفاعت کبریٰ اور وسیلۂ عظمیٰ اور اصل ذریعہ

وَالْمَكَانَةِ الْعُلْيَا ○ وَالْمَنْزِلَةِ الزُّلْفٰى ○ وَقَابَ

اور اعلیٰ مقام اور منزلِ مقصود والے ہیں اور اس شان والے

قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ○ اَنْ تُحَقِّقَنَا بِهٖ ذَاتًا وَصِفَاتًا

کہ اس خالق اور اس محبوب میں دو ہاتھ بلکہ اس سے بھی کم فاصلہ رہا یہ کہ آپ کے وسیلے سے تو ہمیں ذاتی صفاتی

وَاَسْمَاءً وَاَفْعَالًا وَاٰثَارًا حَتّٰى لَا نَرٰى وَلَا نَسْمَعُ

اور اسمائی اور افعالی اور آثاری طور پر حقیقت آشنا بنادے حتیٰ کہ ہم تیرے سوا کسی کو بھی نہ دیکھیں، نہ سنیں

وَلَا نُحِسَّ وَلَا نَجِدُ اِلَّا اِيَّاكَ ○ اِلٰهِىْ وَسَيِّدِىْ

نہ محسوس کریں اور نہ پائیں ۔ اے میرے معبود اور میرے سردار

بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ اَنْ تَجْعَلَ هُوِيَّتَنَا عَيْنَ هُوِيَّتِهٖ

تیرے فضل ورحمت سے آپ کی اولیت و نہایت میں آپ ہی کی وحدت کو

فِىْ اَوَائِلِهٖ وَنِهَايَتِهٖ بِوُدِّ خُلَّتِهٖ وَصَفَائِهٖ وَ

ہماری وحدت بنادے جس کے ساتھ آپ کی خلت، صفوت اور محبت کی وابستگی

مَحَبَّتِهٖ ○ وَفَوَاتِحِ اَنْوَارِ بَصِيْرَتِهٖ ○ وَجَوَامِعِ

ہو اور آپ کی بصیرت کے انوار کی کامیابیاں ہوں اور آپ کے

اَسْرَارِ سَرِيْرَتِهٖ ○ وَرَحِيْمِ رُحَمَائِهٖ ○ وَنَعِيْمِ

تخت کے جملہ اسرار یکجا ہوں اور آپ کی رحمتوں کی مہربانی ہو اور آپ کی نعمتوں

نُعَمَائِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَاهِ نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا

کا نعمت ہو۔ اے اللہ بیشک ہم تیرے نبی اور ہمارے سردار محمد رسول اللہ صلی اللہ

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُغْفِرَةَ وَالرِّضٰى

علیہ وسلم کے طفیل تجھ سے تولاً پوری مغفرت اور رضامندی اور

وَالْقَبُوْلَ قَبُوْلًا تَامًّا ○ وَلَا تَكِلْنَا اِلٰى نَفْسِنَا طَرْفَةَ

قبولیت مانگتے ہیں، اور اے بہترین قبول فرمانیوالے! پلک جھپکنے تک بھی

عَيْنٍ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ ○ فَقَدْ دَخَلَ الدَّخِيْلُ يَا

ہم اپنے نفس پر ہرگز بھروسہ نہیں کرتے، پس اے میرے مولیٰ دخل دینے

مَوْلَاىَ ○ فَاِنَّ غُفْرَانَ ذُنُوْبِ الْخَلْقِ بِاَجْمَعِهِمْ

والے نے دخل دیا، پس مخلوقات کے سارے اگلے پچھلے بے عملی اور بد عملی کے گناہوں کا

اَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ بَرِّهِمْ وَفَاجِرِهِمْ كَقَطْرَةٍ فِىْ

معاف فرما دینا تو تیری بخشش کے وسیع سمندر میں ایک قطرہ کے برابر ہے۔

بَحْرِ جُوْدِكَ الْوَاسِعِ الَّذِیْ لَا سَاحِلَ لَهٗ وَلَا غَایَةَ

جس کا نہ کوئی کنارہ ہے اور نہ کوئی حد ہے

لَهٗ فَقَدْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ○ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

پس تونے فرمادیا اور تیرا یہ فرمان سچا روشن ہے کہ "ہم نے آپ کو

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ

سارے جہانوں کے لیے رحمت ہی بنا کر بھیجا ہے (۲۱/۱۰۷) اے اللہ آپ پر آپ کی آل

صَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ ○ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَ

اور جملہ اصحاب پر درود بھیجیے، اے میرے رب! بیشک میری ہڈی کمزور ہو گئی ہے

اشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا ○ وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ

اور میرے سر کے بال بڑھاپے سے سفید ہو گئے اور اے میرے رب

رَبِّ شَقِیًّا ○ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ

میں تجھے پکار کر کبھی نامراد نہ رہا (۱۹/۴) ۔ اے میرے رب مجھے تکلیف پہنچی اور تو

الرّٰحِمِیْنَ ○ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

سب سے زیادہ رحم فرمانیوالا ہے (۲۱/۸۳) اے میرے رب! میرے لیے تو میری طرف خیر ہی نازل

یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ ○ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ ○ یَا مُنْقِذَ

فرما بیشک میں فقیر ہوں اے کمزوروں کی امداد فرمانیوالے، اے عظیم امید، اے ڈوبتوں

الْغَرْقٰى یَا مُنْجِیَ الْهَلْكٰٓى ○ یَا نِعْمَ الْمَوْلٰى ○

کو بچانیوالے، اے ہلاکت سے نجات دینیوالے اے بہترین مولیٰ

یَا اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ ○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ

اے خوف زدوں کو امان دینیوالے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں عظمت والا

○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

حلم والا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے اللہ کے سوا

اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ○

کوئی معبود نہیں جو ساتوں آسمانوں کا رب ہے اور عرش کریم کا رب ہے۔ اے

اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلَی الْجَامِعِ الْاَکْمَلِ ○ وَالْقُطْبِ الرَّبَّانِیِّ

اللہ آپ پر سلام بھیج جو جامع اکمل ہیں اور رب کے افضل قطب ایمانی

الْاَفْضَلِ طِرَازِ خُلَّةِ الْاِیْمَانِ ○ وَمَعْدِنِ الْجُوْدِ وَ

خلت کا نقش و نگار ہیں اور بخشش و احسان کے معدن

الْاِحْسَانِ صَاحِبِ الْھِمَمِ السَّمَاوِیَّۃِ ○ وَالْعُلُوْمِ اللَّدُنِّیَّۃِ

آسمانی ہمتوں اور علوم لدنی کے حامل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ خَلَقْتَ الْوُجُوْدَ لِاَجْلِہٖ ○ وَ

اے اللہ ان پر درود بھیج جن کی خاطر تو نے زندگی پیدا کی اور

رَخَّصْتَ الْاَشْیَاءَ بِسَبَبِہٖ مُحَمَّدِنِ الْمَحْمُوْدِ ○

تو نے جن کے سبب چیزوں کو سستا فرمایا۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو محمود ہیں

صَاحِبِ الْمَکَارِمِ وَالْجُوْدِ ○ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الْاَقْطَابِ ○

بزرگیوں اور بخشش والے ہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر (بھی) درود ہو

السَّابِقِیْنَ اِلٰی ذٰلِکَ الْجَنَابِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جو اقطاب ہیں اور اس بارگاہ میں سب سے اگلے ہیں، اے اللہ ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْبَھِیِّ ○ وَالْبَیَانِ الْجَلِیِّ وَاللِّسَانِ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام بھیج جو روشن نور اور واضح بیان اور عربی زبان

الْعَرَبِیِّ ○ وَالدِّیْنِ الْحَنَفِیِّ ○ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ الْمُؤَیَّدِ

اور دین حنیف والے ہیں سارے جہانوں کیلئے رحمت ہیں جنکو (جبرئیل) روح

بِالرُّوْحِ الْاَمِیْنِ ○ وَالْکِتَابِ الْمُبِیْنِ ○ وَخَاتِمِ

الامین اور کتاب مبین قرآن کی تائید حاصل ہے اور نبیوں میں

النَّبِیّٖنَ وَرَحْمَۃِ اللّٰہِ لِلْعَالَمِیْنَ وَالْخَلَائِقِ اَجْمَعِیْنَ

سب سے آخر اور سارے جہانوں اور جملہ مخلوقات کیلئے اللہ کی رحمت ہیں

○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ خَلَقْتَہٗ مِنْ نُوْرِکَ وَ

اے اللہ! ان پر درود وسلام بھیج جنہیں تونے اپنے نور سے پیدا فرمایا اور

جَعَلْتَ کَلَامَہٗ مِنْ کَلَامِکَ وَفَضَّلْتَہٗ عَلٰی اَنْبِیَائِکَ

تونے اپنے کلام کو انکا کلام بنایا اور جنہیں تونے سب نبیوں اور ولیوں

وَاَوْلِیَآئِکَ ○ وَجَعَلْتَ السَّعَایَۃَ مِنْکَ اِلَیْہِ وَمِنْہُ

پر فضیلت دی اور جنہیں تونے اپنا اور ان سب کو جنکا ترجمان بنایا

اِلَیْھِمْ کَمَالِ کُلِّ وَلِیٍّ لَکَ ○ وَھَادِیْ کُلِّ مُضِلٍّ عَنْکَ

جو تیرے ہر ولی کا کمال اور تجھ سے ہر برگشتہ کو ہدایت دینے والے

○ ھَادِی الْخَلْقِ اِلَی الْحَقِّ ○ تَارِکِ الْاَشْیَاءِ لِاَجْلِکَ

حق کی جانب مخلوق کی رہبری کرنے والے، تیری خاطر سب چیزوں کو ترک

○ وَمَعْدِنِ الْخَیْرِ بِفَضْلِکَ ○ وَخَاطَبْتَہٗ عَلٰی قُرْبِکَ

کر دینے والے اور تیرے فضل سے بھلائی کے معدن ہیں اور جنہیں تو اپنے قرب

وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا ○ اَلْقَائِمِ لَکَ فِیْ لَیْلِکَ

خاص میں (بموجب قرآن ۴/۱۱۳) یوں خطاب فرمایا، "اور تم پر اللہ کا بڑا فضل ہے" جو تیری عبادت میں

وَالصَّآئِمِ لَکَ فِیْ نَھَارِکَ وَالْھَائِمِ بِکَ فِیْ جَلَالِکَ ○

تیری رات بھر قیام فرمانیوالے اور تیرے دن میں تیرے لئے روزہ رکھنے والے اور تیرے جلال

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّکَ ○ وَالْخَلِیْفَۃِ فِیْ

میں تیرے ساتھ حیران ہیں، اے اللہ! ان پر درود وسلام بھیج جو تیرے نبی ہیں اور تیری مخلوق میں خلیفہ ہیں

خَلْقِکَ ○ اَلْمُشْتَغِلِ بِذِکْرِکَ ○ اَلْمُتَفَکِّرِ فِیْ خَلْقِکَ

تیرے ذکر میں مشغول رہنے والے اور تیری مخلوق کے بارے میں فکر مند رہنے والے

وَالْاَمِیْنِ لِسِرِّكَ ○ وَالْبُرْهَانِ لِرُسُلِكَ ○ الْحَاضِرِ

اور تیرے بھید کے امانت دار اور تیرے رسولوں کیلئے دلیل اور

فِیْ سَرَآئِرِ قُدْسِكَ ○ وَالشَّاهِدِ اِلٰی جَمَالِ جَلَالِكَ

تیرے قدس کی مسندوں میں حاضر رہنے والے اور تیرے جلال کے جمال کے گواہ ہیں

سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الْمُفَسِّرِ لِاٰیَاتِكَ ○ وَالظَّاهِرِ

(یعنی) ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو تیری آیتوں کی تفسیر کرنیوالے

فِیْ مُلْكِكَ ○ وَالنَّائِبِ فِیْ مَلَكُوْتِكَ ○ وَالْمُتَخَلِّقِ

اور تیرے ملک میں ظاہر اور تیرے ملکوت میں نائب اور تیری صفات سے آراستہ

بِصِفَاتِكَ وَالدَّاعِیْ اِلٰی جَبَرُوْتِكَ ○ اَلْحَضْرَةِ الرَّحْمَانِیَّةِ

اور تیری جبروت کی طرف دعوت دینے والے رحمانی جلوہ

○ وَالْبُرْدَةِ الْجَلَالِیَّةِ ○ وَالسَّرَابِیْلِ الْجَمَالِیَّةِ الْعَرْشِ

اور جلال کی ٹھنڈک، اور سیراب کرنیوالے عرش کا جمالی پیکر اور

السَّنِیِّ ○ وَالْحَبِیْبِ النَّبَوِیِّ ○ وَالنُّوْرِ الْبَهِیِّ ○

نبوی حبیب اور روشن نور اور

وَالدُّرِّ النَّقِیِّ وَالصَّبَاحِ الْقَوِیِّ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

شفاف موتی اور پائیدار خوبصورتی ہیں۔ اے اللہ! آپ پر اور

عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ

آپ کی آل اور اصحاب پر اسی طرح درود و سلام بھیج جیسا کہ تو نے ابراھیم علیہ

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اٰمِنٌ مِّنْ كُلِّ شَیْءٍ

السلام) پر درود بھیجا تھا بیشک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے اے اللہ بیشک تو ہر چیز

وَكُلُّ شَیْءٍ خَائِفٌ مِّنْكَ فَبِاَمْنِكَ یَا رَبِّ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ

سے امن دینے والا ہے اور ہر چیز تجھ سے خوف کھاتی ہے۔ پس اے میرے رب میں تجھ سے

وَ بِتَخَوُّفِ بِكُلِّ شَيْءٍ مِنْكَ اَسْئَلُكَ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْ

ہر چیز سے امن اور ہر چیز کا تجھ سے خوف مانگتا ہوں۔ اے اللہ

تُؤْمِنِّيْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَاَنْ تَغْفِرَلِيْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى لَا

مجھے تو ہر چیز سے امن دے اور ہر چیز سے میری مغفرت فرما حتیٰ کہ

تَسْئَلَنِيْ عَنْ شَيْءٍ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

تجھ سے کوئی چیز مانگنے کی مجھے نوبت ہی نہ آئے بیشک تو ہر چیز پر

يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ اَللّٰهُمَّ

قادر ہے۔ اے بہترین مولیٰ اور بہترین مدد فرمانے والے۔ اے اللہ

يَا رَجَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا تُخَيِّبْ رَجَائِيْ وَدُعَائِيْ اَللّٰهُمَّ

اے مومنوں کی آرزو! تو میری امید اور میری دعا سے مجھے محروم نہ فرما

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا اَرْحَمَ

اے اللہ! اے فریادیوں کے فریادرس میری فریاد سن لے۔ اے اللہ! اے سب

الرَّاحِمِيْنَ ارْحَمْنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

سے زیادہ رحم کرنیوالے مجھ پر رحم فرما۔ اے اللہ! اے سب سے زیادہ کرم کرنے

اَكْرِمْنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ اٰمِنِّيْ ۝

والے مجھ پر کرم فرما۔ اے اللہ! اے خوف زدوں کو امن دینے والے مجھے امن دے

اَللّٰهُمَّ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ دُلَّنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا هَادِيَ

اے اللہ! اے پریشان حالوں کو راہ دکھانے والے۔ مجھے راستہ دکھا اے اللہ اے

الْمُضِلِّيْنَ اهْدِنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا مُغْنِيَ الْمُقِلِّيْنَ اَغْنِنِيْ ۝

گمراہوں کو ہدایت دینے والے مجھے ہدایت فرما۔ اے اللہ اے ناداروں کو تونگر بنانیوالے

اَللّٰهُمَّ يَا وَاصِلَ الْمُنْقَطِعِيْنَ اَوْصِلْنِيْ ۝ اَللّٰهُمَّ ۝

مجھے تونگر بنا دے۔ اے اللہ اے ٹوٹے ہوؤں کو جوڑنے والے مجھے جوڑ دے۔ اے اللہ

يَا سُرُوْرَ الْعَابِدِيْنَ سُرَّنِيْ ○ اَللّٰهُمَّ يَا عَوْنَ

اے عبادت کرنے والوں کی شادمانی! مجھے شاد کر دے / اے اللہ

الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِنِّيْ ○ اَللّٰهُمَّ يَا حَبِيْبَ التَّوَّابِيْنَ تُبْ

اے مومنوں کے مددگار میری مدد فرما۔ اے اللہ اے توبہ کرنیوالوں کے حبیب

عَلَيَّ بِجَاهِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الصَّفْوَةِ الْاَمِيْنِ

میری توبہ کو ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شرکت کے طفیل

خَاتَمِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ

قبول فرما جو برگزیدہ، امانت دار اور نبیوں اور رسولوں میں سب سے آخر ہیں۔ اے اللہ آپ پر

بَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ فِيْ كُلِّ

اور آپ کی آل اور جملہ اصحاب پر ہر وقت و لمحہ درود و سلام اور برکت بھیج حتیٰ کہ

وَقْتٍ وَّحِيْنٍ حَتّٰى تَرِثَ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاَنْتَ

زمین اور اس پر جو کچھ ہے اسکے ورثہ میں آجائے اور تو بہترین وارث

خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ

ہے۔ اے اللہ امتِ محمدی کی مغفرت فرما۔ اے اللہ امت

اُسْتُرْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اجْبُرْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ اُمَّةَ

محمدی کی عیب پوشی فرما۔ اے اللہ امتِ محمدی کو مستحق فرما دے

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ عَلٰى اُمَّةِ

اے اللہ امتِ محمدی کی مدد فرما۔ اے اللہ امتِ محمدی کیلئے آسانی پیدا فرما

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اسْمَحْ لِاُمَّةِ

اے اللہ امتِ محمدی پر سہولت فرما۔ اے اللہ امتِ محمدی کیلئے کشادگی عطا فرما

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ سَامِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْ

اے اللہ امتِ محمدی کو بخشش عطا فرما۔ اے اللہ امتِ محمدی کو بخش دے۔ اے اللہ

أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی کرامت کی تائید فرما اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کی حاجت روائی کر

اَسْعِدْ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَنْصِحْ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ

اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کو نیک بنا دے۔ اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کو نصیحت دے

○ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ أُمَّةَ

اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت پر رحم فرما۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کو عظمت دے

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْزِمْ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کی عظمت بڑھا اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو عزم

أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اهْدِ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْ لِأُمَّةِ مُحَمَّدٍ

عطا کر اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کو ہدایت دے اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم

○ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ سَيِّئَاتِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ

کی امت کو توفیق دے۔ اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کو رزق دے اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کی

○ اَللّٰهُمَّ اَضْعِفْ حَسَنَاتِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

برائیوں کو معاف فرما اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کی نیکیوں میں کئی گنا اضافہ فرما اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ

ذُنُوبَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عُيُوبَ أُمَّةِ

سلم) کی امت کے گناہوں کو معاف فرما اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کے عیبوں کی پردہ پوشی

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ كُرُوبَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ

فرما۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کی پریشانیوں کو دور فرما۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ و

نَوِّرْ قُلُوبَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَ أُمَّةِ

سلم) کی امت کے دلوں کو منور فرما۔ اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کے سینوں کو کشادہ کردے

مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ أُمُوْرَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ

اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کے کاموں کو آسان فرما۔ اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی

قُبُورِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ اَهْلِكْ اَعْدَاءَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ

امت کی قبروں کو کشادہ فرمادے ۔ اے اللہ امت محمدی کے دشمنوں کو ہلاک کر دے

اَللّٰهُمَّ اخْتِمْ بِالْاِيْمَانِ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ امت محمدی کا ایمان پر خاتمہ فرما ۔ اے اللہ امت

احْشُرْنِيْ عَلَى الْاِيْمَانِ مَعَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ○ تَحْتَ

محمدی کے ساتھ، ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پرچم

لِوَاءِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَلْقَاكَ

تلے ایمان پر میرا حشر فرما اور اے سارے جہانوں

وَاَنْتَ رَاضٍ عَنَّا غَيْرَ غَضْبَانَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ○

